ناشر : ادارہ فیضانِ اجملی، یو۔پی۔انڈیا

کتاب کا نام : **مجربات عاملین حصہ اول**

مرتب : حافظ اشرف علی

معاون : مو[illegible] [illegible]احب، مف[illegible]
حافظ محمد ارمان صاحب

ناشر : ادارہ فیضانِ اجملی یوپی انڈیا

سن اشاعت : شعبان ۱۵ - ۱۴۴۱ ہجری

واٹس ایپ نمبر۔9044883587

آسیب و نظر بد اور منفی اثرات کی کاٹ کا بہت ہی آسان عمل

آسیب و نظر بد اور منفی اثرات کی کاٹ کا بہت ہی آسان اور میرا بیسیوں بار کا آزمایا ہوا عمل ایک لیموں پر اکیس اکیس بار سورۂ فلق و ناس پڑھ کر دم کریں اب مریض کے سر سے سات بار اس یقین کے ساتھ گھمائیں لہ تمام منفی اثرات اس لیموں میں آرہے ہیں اس کے بعد لیموں کے چار ٹکڑے کریں چھری سے کاٹتے وقت یہ توجہ کریں کہ تمام اثرات کٹ رہے ہیں اب لیموں چوراہے پر ڈلوادیں ان شاء اللہ مریض فی الفور شفایاب ہوگا۔ابوتراب محمد عرفان مدنی

تشخیص کا مجرب آزمودا عمل

مریض اور معالج دونون وضو کرلین اب مریض کو سامنے بٹھا کر ق گیارا بار سورت صافات لازب تک گیارا بار سورت جن کی پانچ آیات گیارا بار معوذتین دوران پڑھائی مریض پر بخار کی کیفیت ہو یا جسم گرم ہو جائے تو شریر جنات ھین اگر مریض سردی محسوس کرے یا جسم کانپنے لگے تو جادو ھے ایسی کیفیت نا ہو تو پھر جسمانی مرض ھے بہت

کامیابی کا راز بہترین وظیفہ

بارش کا پانی صاف برتن میں جمع کر لیں اوّل آخر گیارہ بار درود ابرہیمی اور تین بار سورت رحمن پڑھ کر دم کریں،ہو سکے تو تھوڑا سا عرق گلاب بھی شامل کر لیں،دم شدہ پانی خود بھی پیئیں اور جو حضرات بیمار ھیں یا جن کا حافظہ کمزور ھے انکو بھی پلائیں۔ایک بار میں مکمل شفاء نہ ہو تو تین یا گیارہ دن عمل کیا جائے

جادو جنّات کیلئے تجربہ شدہ عمل

جادو جنات کیلئے مجرب میرا ذاتی تجربہ ہے سورۃ صافات کی پہلی دس آیات چالیس مرتبہ سرسوں کے تیل اور پانی پر دم کریں اور مریض پر دم کریں اگر اس کا چلہ کیا جائے تو جنات کو جلانے کیلئے سریع الاثر ہے جنات اور جادو کو سبق سیکھانے کیلئے بہت موثر ہے

حصار کی زنجیر

لو بندھ دھار بندھ دھار باندھوں لوہا اَگَنْسار تاپ تجاری کیا کرایا بھیجا بھجیا باندھو دم دم زِندہ شاہ مدار

اس عامل کو سورج یا چاند گرہن میں ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ کر زکوۃ دینی ہےاسکے بعد اپنے معمول میں سات مرتبہ صبح اور شام پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرنا ہے اس سے آپ پر آنیوالا عمل جو بھی ہو وہ عامل کے پاس واپس چلاجاتا ہے اس سے آپ اپنا مکمل حصار کرسکتے ہیں بہت مجرب اور آزمودہ عمل ہےیہ عمل میرے روز مرہ کے معمول میں ہے

محمد الطاف بیابانی قادری رفاعی حیدرآباد دکن انڈیا

داڑھ کے درد کیلئے مجرب عمل

مندرجہ ذیل آیت کو لکھ کر داڑھ کے نیچے رکھیں ان شاء اللہ درد فوری رفع ہو گا

لکل نبا مستقر و سوف تعلمون

حافظ غازی محمد وسیم حنفی

ایک رات میں کروڑ پتی بننے کا عمل
شب برات کا خاص تحفہ

اس عمل سے دیکھتے ہی دیکھتے انسان صاحب ثروت مالدار امیر کبیر بن جاتا ھے دن بدن ترقی کے منازل طے کرتا جاتا ھے مٹی کو بھی ھاتھ لگاے سونا بنتا ہے ھر بند دروازہ اس کے لیے کھل جاتا ھے قسمت ایسی سنورتی ھے دیکھنے والے دنگ رہ جاتے ہیں مفلسی غریبی تنگدستی کا نام ونشان مٹ جاتا ھے اس عمل کو اس رات ضرور انجام دیں انشاللہ زندگی بدلنا شروع ھو جایے گی اس عمل مبارک کے انجام دینے سے تونگری مالداری اورفراوانی انسان کو چاروں طرف سے گھیر لیتی ھے برکت ایسئ پڑتی ھے کہ جتنا تقسیم کرو اتنا بڑھتا ھے رزق مال دولت کے انبارلگ جاتے ھیں مال وزر انسان پرعاشق و فریفتہ ہو جاتا ھےانسان رزق کے پیچھے نہی رزق مال انسان کے پیچھےآتاہے۔ یہ خاص عمل صرف سال میں ایک بار شب برات میں ھی کیا جا سکتا ھےاور اسکا فائدہ تمام عمر اٹھایا جا سکتا ھے عمل۔چودہ دانے گندم چودہ دانے چاول ایک نیا نوٹ کوئ سا بھی لیکر شب برات رات بارہ بجے پہلے دورکعت نمازحاجت براے وسعت رزق مال و زر کی نیت سےادا کرےاور ہر سجدہ میں تسبیح کے بعد چودہ بار واللہ خیرالرازقین پڑھےاسکے بعد مزکورہ اشیاء کی پلیٹ سامنے رکھ کر سورہ واقعہ تین بار، سورہ مزمل تین بار،سورہ روم ایک بار تلاوت کر کے سب پرپھونک دے عمل تمام ھوا ۔گندم چاول گھر میں رکھے نوٹ اپنے پاس رکھے کبھی خرچ نہ کرے انشاللہ تمام عمر نہ کبھی رزق کی کمی ھو گی نہ مال دولت کی دست غیب جاری ھو جاے گا اور غائبانہ آمدن امداد میسر آئے گی۔صوفی علی اکبر شاہ قادری

شفاء امراض کا عمل

شفاء امراض کے لئے یہ عمل بہت ہی جاندار و شاندار ہے اس عمل کی زکوۃ بہت ہی آسان ہے اکتالیس دن تک روزانہ سات بار یا اکیس دن تک روزانہ چورانوے بار پڑھ کر زکوۃ ادا کریں ادائیگیٔ زکوۃ کے بعد اکیس بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں مرض کیساہی ہو شفا ی حاصل ہوگی۔حافظ غازی وسیم حنفی

اجب یاھمزائیل بحق یامتین یاشافی المراض

وننزل من القرآن ماھو شفاء ورحمته للمومنین

صدقت یاشافی

تسخیر خاص وعام

اس عمل کو روزانہ تین سو بیس مرتبہ اول وآخر سات مرتبہ درود ابراھیمی کے ساتھ اکتالیس دن تک فجر اور عصر کے بعد جہاں نماز ادا کریں وہاں پر ہی پڑھ لیں اکتالیس دن کے بعد اکتیس مرتبہ مداومت رکھیں حلال کھانا اور پنجگانہ نماز کی پابندی کرنا لازمی ۔حافظ محمد ساجد

یاواحد الباقی اول کل شئ واخره لیس کمثله یاواحد

نفسیاتی مریض کیلئے مجرب عمل

درود خضری ایک سو گیارہ بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین سو تیرہ بار پڑھیں پانی پر دم کرکے پلائیں ان شاء اللہ تعالی شفاء ہوگی

صلی اللہ علی حبیبِ محمد واله وسلم

روحانی و جسمانی معاملات

صحت کا مسئلہ ہو یا شادی کا اولاد کا مسئلہ ہو یا گھر کا، اپنا علاج آپ خود کریں۔ ان سب کا روحانی علاج ۔ طریقہ کار۔اگربتی پلاسٹک کی تھیلی سے نکال کر اپنے سامنے پلیٹ میں رکھ لیں ۔ یا آٹا نمک چینی عطر لوبان پانی پر بھی دم کر سکتے ہیں نماز فجر یا عصر کے بعد وہی بیٹھے بیٹھے درج ذیل عمل کر لیں: اول و آخر ساتھ ،ساتھ مرتبہ درود شریف ، آپ کو یاد ہو تعوذ و تسمیہ کے بعد، تین بار سورہ جن ، تین بار سورہ مزمل، پڑھ کر تمام اگربتی پر دم کر دیں ۔ یہ چار پیکٹ اور یہ تین تین بار پڑھنا آپ کو سات دن کے لیے کافی ہے ۔ روزانہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ۔روزانہ صبح پانچ اگربتی روزانہ شام پانچ اگربتی جلائیں اگر گھر چھوٹا ہے تو۔ تین جلائیں اگر گھر بڑا ہے تو سات بھی جلا سکتے ہیں آپ چاہیں تو ہر ساتویں دن یہ عمل کرلیں ، بے شمار فوائد و فضائل و برکات ہیں ۔ اس کی برکتیں آپ خود دیکھے گے۔معاملات میں آپ خودواضح تبدیلی محسوس کریں گے اللہ کے صدقے میں پاک کے حکم سے آل رسول ۔ سستا اور بہترین روحانی علاج۔ اب کسی عامل کے پاس جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔نوٹ۔ عمل میں تاثیر کے لئے دو باتوں کا خاص خیال کیجئے۔ا۔تلفظ۔۲۔اخلاص

ڈاکٹر سید محمد وقاص ہاشمی

تشخیص کا انتہائی خاص عمل

اکثر عاملین تشخیص میں ناکامی کی وجہ سے پریشان رہتے ہیں انہیں نہیں پتا
ہوتا کہ میرے سامنے موجود مریض روحانی امراض میں مبتلا ہے یا
سمانی ایسے تمام عاملین کی پریشانی کو دور کرنے کے لئے آج میں تشخیص کا
یسا کامیاب عمل بتارہا ہوں جو میرا بہت مجرب ہے اس تشخیص کے لئے
زکوۃ شرط ہے اگر صحیح طریقے سے اس کی زکوۃ ادا کرلی جائے تو عامل
میں ایسی صلاحیت پیدا ہوجاتی ہے کہ وہ خود سمجھ جاتا ہے کہ مریض کو
روحانی علاج کی ضرورت ہے یا ڈاکٹر و دوا کی
مریض دیکھتے ہی اسے پتہ ہونا شروع ہوجاتا ہے کہ مریض کے ساتھ
مسئلہ روحانی ہے یا جسمانی۔زکوۃ کا طریقہ۔۔اس کے تین طریقہ ہیں
۔اپنے اور اپنی ماں کے عدد کو جوڑ کر اس عدد کے مطابق چالیس دن ا
مکمل پرہیز کے ساتھ وقت و جگہ کی پابندی کے ساتھ عمل کرنا ہے
۔۔سوالاکھ کی تعداد 41 دن میں پوری کریں ۳۔۔اپنے اپنی ماں کے ۲
عدد کو لطیف کے عدد سے ضرب دے کر جو عدد بنے اس کے مطابق
پڑھے ۔طریقہ استعمال ۔۔جب بھی مریض آئے پندرہ بار یا لطیف پڑھ
کر آنکھیں بند کرکے اپنی توجہ دل کی جانب کرکے اللہ سے رجوع کریں
گے کہ یا اللہ اس مریض کے ساتھ جو مسئلہ ہے وہ مجھ پر واضح کر
دے۔چند ہی سکنڈ میں مریض کا مسلہ پتہ چلنا شروع ہو جائے گا۔
شاہد اقبال

جادو جنات نظر بد حسد کے لیے مجرب نقش

میرے معمولات میں یہ نقش ہے جس مریض میں مذکورہ مرض ہو اسکو
یہ نقش ایک پہننے کے لیے دے دیتا ہوں اور مرض کے مطابق پینے
کے لیے ہر ہفتہ کا ایک نقش دیتا ہوں الحمدللہ بہت ہی مجرب ہے یہ
نقش ساتھ پڑھائی کے لیے نقش میں جو آیت مبارکہ لکھی ہے وہ روزانہ
تین سو تیرہ دفع پڑھنے کے لیے کہتا ہوں صبح شام ممکن ہی نہیں کے
جادو جنات کا نام و نشان رہے عمل ۔گیارہ۔اکیس ۔اکتالیس دن کرواتا ہوں
مرض کے مطابق بد نظری کے لیے بچوں کے لیے صرف پہننے کے لیے
دیتا ہوں مجرب است

مولانا عبید اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی الہ وسلم

قال موسی ما جئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین

جبریل

میکائیل — اسرافیل — عزرائیل

د	ط	ب
ج	ه	ز
ح	ا	و

شب برات کا تحفہ

عاملین کے لئے تحفہ جس عامل کو قبرستان جانے ویرانے میں تنہائی میں یا چلہ کشی کے وقت ڈر لگتا ہے وہ یہ عمل ضرور کریں شب برات میں تین سو تر سٹھ مرتبہ دعائے بزرگ سیفی پڑھنی ہے اول و آخر درود شریف کے ساتھ چودہ اور پندرہ شعبان جلالی و جمالی پرہیز شرط ہے۔ عمل کے بعد مرغی، بکری یا گائے کا صدقہ دینا ہوگا۔

دعائے بزرگ سیفی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَادَائِمُ يَاقَدِيْمُ يَاحَیُّ يَاقَيُّوْمُ يَا بَاقِیُ يَامُنْتَقِمُ يَاقَادِرُ اِلٰهَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ هَرْكِه مَارَابَدْخَوَاهَدْ، بَدْگُوْيَدْ ، بَدْ اَنْدِيْش ،بَدْ بِيْنَدْ ، ضَرْبَتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ بَرْجَانِ اُو، بِسْتَگِیءِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلَ اللّٰه بَزْبَانِ اُو، ذُوالْفِقَارِعَلِیُ بَرْگَرْدَنِ اُو، گُرْزِحَمْزَهْ بَرْپُشْتِ اُو، عَصٰیءِ مُوْسٰی كَلِيْمُ اللّٰهِ بَرْجِگَرِاُو ،آرٰهٖ زَكَرِيَّا بَرْسَرِاُو ، كِرَمِ اَيُّوب دَرْبَطَنِ اُو، اِلْتِهَابِ لَا عِلَاجُ دَرْبَدَنِ اُو، مُهْرِسُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بَرْدَهْنِ اُو، تهبَّرِ جِبْرِ يْل عَلَيْهِ السَّلَامُ بَرْگُوْشِ اُو، طُوْفَانِ نُوْح بَرْقَدَمِ اُو، غُبَارِدُنْيَادَرْ چَشْمِ اُو، تِيْغِ رِجَالُ الْغَيْبِ دَرْقَتْلِ اُو، قَهْرِخُدَا قَهْرِبَادْشَاهْ بَرْدُشْمَنَانِ مَنْ نَازِلْ كَرْدْ بِحَقِّ يَابُدُّوْحُ يَابُدُّوْحُ كُلْ عَالَمْ كُلْ حَكَمْ مُسَخَّرْ كَرْدْ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ لَااِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ٥

سانپ بچھو اور دیگر حشرات الارض کو بھگانے کا مجرب عمل

بزرگوں سے ملا ہوا اک خاص عمل جس کی قدر صرف اہل حضرات ہی کریں گے جس جگہ سانپ بچھوؤں کا ڈیرا ہو یا سانپ کسی جگہ آجاتے ہوں وہاں یہ عمل کریں طریقہ۔۔ کسی مٹی یا ریت پر سات بار پڑھ کر دم کرکے گھر کے ہر کونے میں ڈال دیں مین گیٹ اور واش روم میں نہ ڈالیں ان شاء اللہ سانپ بچھو بھاگ جائیں گے عمل یہ ہے ۔

وَاَطَرُ وَسَطَرُ وَزَمِیْنِ وَآسمان دَانَه کُل بَلاَرَا بَسْتَم

بَیَکُو لَافُ زَنْجِیر بَنْد بَاشْ بَحُکمِ خُدَا بِاجَازِهْ

ساجد ایاز حقانی

ہر قسم کا درد سلب کرنے کا عمل

سورۂ زلزال سے ہر قسم کی دردیں سلب کرنے کا طریقہ مریض چاہے پاس ہو یا دور عامل اگر مظبوط ہو تو جادو جنات بھی سلب کر سکتا ہے مریض اور عامل آنکھیں بند کریں عامل بغیر بسم اللہ کے سورۂ زلزال جلالی کیفیت میں پڑھے جب اشتاتا آئے تو اس لفظ کا تکرار کرے اور گمان جب تک نا ہو کے درد سلب ہو گیا تب تک کرتا رہے بعد میں سورت مکمل کر کے دم کر دے ان شاءاللہ افاقہ ہو گا معاملہ زیادہ ہونے پر سورت تین دفع اسی ترتیب سے پڑھ سکتے ہیں

اپنی تشخیص خود کریں

اپنے قد کے برابر دھاگہ ناپ لیں پھر اس دھاگہ پر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں پھر سورۃ النحل کی آخری سے پہلے والی آیت مبارکہ سات بار پڑھ کر دم کر دیں۔اس دھاگے کو اپنے سرہانے رکھ کر سوجائیں صبح پھر ناپ لیں۔اگر کم ہو تو جادو ہے،اگر بڑھ جائے تو جنّات ہیں اور اگر برابر رہے تو جسمانی مسلہ ہے۔مولانا امیر معاویہ صاحب

واصبر وما صبرك الا بالله ولا تحزن

عليهم ولا تك فی ضيق مما يمكرون

جادو ، جنّات ، مسان ، نظر بد اور شفاء امراض کیلئے

یہ عمل بھی سلسلہ چشتیہ کے ایک بزرگ نے عطا فرمایا تھا۔جو ہمیشہ کامیاب ہوتا ہے ہر قسم کے روحانی و جسمانی امراض کیلئے موثر و مفید ہے۔مریض کو سامنے بٹھا کر سات بار درود ابراہیمی اس بعد تین بار توجہ کے ساتھ سورۃ تغابن پڑھیں۔پڑھتے وقت یہ نیت کریں کہ مریض سے تمام امراض نکل رہے ہیں اس کے بعد پھر سات بار درود ابراہیمی پڑھ کر مریض پر دم کریں اس یقین کے ساتھ کہ اب مرض ختم ہو چکا ہے اب پانی پر دم کریں اور وہ پانی مریض کو پینے کیلئے دیں۔یہ عمل تین دن یا سات دن لگاتار کرنا ہے۔تین دن یا سات دن کے اندر اندر مریض بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔جنّات و جادو و نظر بد کے مریض کا منگل یا ہفتہ کو صدقہ ضرور نکلوائیں۔ابو تراب محمد عرفان مدنی

شب براءت کی رات کشادگی رزق بڑھانے اور رزق کے دروازے کھولنے والے اعمال

رات 1:30 بجے آدھا کلو گندم اور آدھا کلو شکر دونوں مکس کر کے سامنے رکھ کر ایک بار سورہ یسین پڑھ کر دم کرکے کچن میں محفوظ کرکے رکھ دیں۔ اور سورہ یسین کو رمضان کا چاند نظر آنے تک روز ایک بار تلاوت کی جائے۔ ہمیشہ کے لئے رزق کی کشادگی ہوگی۔ اور تنگدستی ختم ہوجائے گی۔

ایضاً

گیارہ دانے چاول کے لے کر اور ہر دانے پر ایک سو گیارہ بار اللہ الصمداور سورۃ الفتح چھبیس پارے کی سورہ کی آخری آیت محمد رسول اللہ تین بار پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح ہر دانے پر کریں۔ اور پرس میں رکھ لیں۔ رزق کے ہمیشہ اسباب بہت زیادہ بنتے رہیں گے کبھی روپے پیسے سے جیب خالی نہ ہوگی.

ایضاً

گیارہ دانے جو کے لے کر اور ہر دانے پر یافتاح یارزاق بار پڑھ کر دم کرکے پرس میں رکھ لیں۔ یہ بھی کشادگی رزق کے لئے اچھا عمل ہے

صوفی علی اکبر شاہ قادری قلندری سہروردی

جادوگر کا پتا لگانے کا عمل

یہ معلوم کرنے کے لئے کہ کون جادو کر رہا ہے اور کونسا رشتہ دار ملوث ہے اور چھوٹے اور کمزور جادو گر کو سلب کرنے کا عمل باذن اللہ تعالی درود ابراہیمی گیارہ بار ،سورہ الزلزال گیارہ بار ،درود ابراہیمی گیارہ بار اس کے بعد تینتیس بار سورہ توبہ کی آخری دو آیات ..یہ سارا عمل رات کو سونے سے پہلے پڑھیں . کمزور مریض حضرات نا پڑھیں .سورہ الزلزال گیارہ بار سے زیادہ نہیں پڑھنی ورنہ جادو کروانے والے کو ہارٹ اٹیک ہو سکتا ہے .یہ عمل نقصان پہچانے کی نیت سے نا پڑھیں .خواب کے ذریعے اللہ تعالی سارا معاملہ دیکھا دیں گے. تین سے گیارہ دن تک پڑھیں

رجعت سے حفاظت و نجات کا مجرب عمل

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَارَبِّ انتَ تعلَمَ مَا فِيْ قلوبِهِمَ الِيقاً مَلِيقاً تَلِيقاً مَلِيخاً خَالِقاً مَخلُوقاً شَافِياً كَافِياً اِرتَضىٰ مُرتَضىٰ بِحَقِ يَا بُدُّوحُ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّ رَحمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ وَ لَا يَزِيدُ الظَّالِمِينَ اِلَّا خَسَاراً آساً تَاساً لَاساً وَ لُوساً رُدَّ كُلَّ دَعْوَةٍ وَ رُدَّ كُلَّ رَجْعَةٍ وَ رُدَّ كُلَّ بَلِيَّاتٍ وَ رُدَّ كُلَّ رِجَالِ الْغَيبِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ☆

طریقہ زکوۃ :-نوچندی جمعرات سے روزانہ بعد نماز مغرب ایک وقت ایک جگہ 360 مرتبہ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ 21دن ہر قسم کے گوشت کے پرہیز کے ساتھ پڑھیں۔ زکوۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ بعد نماز مغرب 21 مرتبہ ہمیشہ پڑھتے رہیں تا کہ عمل کا اثر باقی رہے۔

طالب دعا

روحانی معالج مفتی علی احمد مفتاحی، دھوبیا الی، قاسم پورہ، مئوناتھ بھنجن، ضلع مئو، یو. پی. انڈیا۔

جگر اور گردوں کے تمام امراض کیلیے

ایک کاغذ پر لکھ کر تعویز بنالیا جائے عورتیں گلے میں اور مرد بازو پر باندھیں اس کے علاوہ کاغذ یا پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھوکر صبح نہار منہ پییں جگر یا گردوں کی خرابی سے گر جسم پر ورم آجائے وہ بھی اس علاج سے انشاءاللہ ختم ہوجائیگا۔ عبدالہادی انصاری

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم کَانَ الۡبَحۡرُ مِدَادً لِکَلِمَاتِ رَبِّی

محبت کا انتہائی تیز ترین عمل

بِسۡمِ اللّٰہِ پاؤم گوڑھے اُٹلے کُلُ مانے پوِیتے بَنجرَہ مَنۡ سَوۡدا عَلِی گُرَیۡچمۡ تُوئی دُرۡخانَہٗ مَنۡ یُوۡسُفۡ خانَمۡ دَمۡ کَیۡچِیۡم بَنُوۡحۡ عَلَیہ السَّلام بَحُکمِ خُدا باِجازۂ پیر اُستاد

یہ محبت کا انتہائی تیز ترین عمل ہے اس کی زکوۃ دریا یا نہر کے کنارے بیٹھ کر ادا کرنی ہے تین سو ساٹھ پڑھنے سے زکوۃ ادا ہوجائے گی اور اگر عمل کا تیز ترین نتیجہ حاصل کرنا ہوتو چھ سو اسی بار پڑھ کر زکوۃ ادا کرنی ہوگی یہ تعداد ایک دن میں ہوجائے تو بہت بہتر ورنہ سات دنوں میں پوری کرنی ہوگی زکوۃ کی ادائیگی کے بعد جس کے لئے بھی محبت کا عمل کرنا ہو اس کا تصور کر کے صرف سات بار پڑھ کر پھونک دیں ان شاء اللہ وہ محبت میں گرفتار ہو گا نوٹ۔اس عمل کی اجازت صرف انہیں ہے جو عامل ہوں۔

ساجد ایاز حقانی

آسیب ونظربد و درد اور شفاء امراض کیلئے

میرے معمول میں ہے تمام روحانی و جسمانی امراض کیلئے استعمال کرواتا ہوں بحمد اللہ تعالی امید سے بڑھ کر فائدہ حاصل کیا ہے یہ مجھے چشتیہ سلسلہ کے ایک بزرگ نے عطا کیا ہے دن میں تین بار جسم پر مل کر جلائیں انشاء اللہ فوری رزلٹ حاصل ہوگا

ابو تراب محمد عرفان مدنی

دفع ابلیس

۳۳۴	۳۳۳	۳۳۸
۳۳۹	۳۳۵	۳۳۱
۳۳۲	۳۳۷	۳۳۶

دفع بلادفع شیاطین نظر ٹوٹکالوگ مسان
کرساحران اوپری نظر و گردش ستارہ و
اثرات ارضی سماوی و نظر و اثرات جن دیو
پری بھوت چڑیل جملہ بلیات و جملہ خول

جادو کی کاٹ کا قبرستان کا عمل

جادو کی کاٹ کا یہ میرا آزمودہ عمل ہے ایک پاؤ کالی ماش لیں اور قبرستان میں بیٹھ کر سورۃ رحمان آٹھ بار پڑھ کر کالی ماش پر دم کریں اس کے بعد دال کو اچھی طرح ہلائیں اور سر کے اوپر سے پیچھے پھینک دیں اب بغیر پیچھے دیکھے مڑے اور بغیر بات کئے واپس آجائیں ان شاء اللہ جادو کی کاٹ ہوجائے گی یہ عمل مریض کو کرنے کیلئے دیا جائے گا

میاں زاہد جھنگ

نشہ کی عادت چھوڑانے کا مجرب عمل

سورۃ المائدہ آیت مذکورہ کو منگل کے دن زوال کے وقت تین سو تیرہ بار پڑھ کر الائچی مصری اور کالی مرچ پر دم کر دیں پھر ان سب کو پیس کر کسی بھی چیز میں ملا کر کھلاتے رہیں تقریباً ایک مہینہ تک ان شاء اللہ نشہ کی عادت چھوٹ جائے گی۔نعمت اللہ قاسمی

یاایہا الذین آمنوانما الخمر والمیسر والا
نصاب والازلام رجس من عمل الشیطٰن
فاجتنبوہ لعلکم تفلحون

سخت ترین جادو کا توڑ

زوال کے وقت سورۃ آل عمران کی آخری آیت اکتالیس بار پڑھ کر پانی پر دم کریں۔مریض کو یہ پانی تینوں وقت پلائیں ان شاء اللہ تعالی سخت سے سخت ہر قسم کا جادو ختم ہو جائے گا۔محمد شفیق مہاروی

عجیب ٹوٹکا درد ہمہ قسم

آپ کسی طریقے کے درد میں مبتلا ہوں پیٹ درد، سر درد، دانت درد غرض یہ کہ کیسا بھی درد ہو بیت الخلاء جائیں پیشاب کریں اور تھوک گرائیں ۔تھوک گراتے وقت نیت کریں کہ میرا درد ختم ہو رہا ہے۔ان شاء اللہ شفاء ہوگی

دست غیب کا زبر دست عمل

اگر کوئی شخص مفلس ولاچار ہوذریعہ معاش نہ ہوبے روز گار ہوبہت تنگ دست ہو پریشان ہوکوئی سبیل نظر نہ آ رہی ہووہ اس عمل کو فوری شروع کر دے انشاء اللہ اس کا روزینہ خزانہ خداوندی سے لگ جائے گاعمل یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل علی سیدنا محمد وبارک وسلم یااللہ یارحمان یارحیم یافتاح یاوھاب یاباسط یارزاق یاغنی یامغنی یامعطی یامنعم

ترکیب عمل عشاء کی نماز کے بعد صاف ستھرے کمرے میں صاف ستھرے کپڑے پہن کر جو خوشبو ملے لگا کر اس عمل کو مکمل تنہائی میں ایک سو گیارہ بار پڑھیں پھر رب العزت کے حضور انتہائی عاجزی سے دعا کریں اور خداسے اپنی تنگ دستی اور مفلسی کی بات کریں اور خزانہ خدا سے اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مانگیں اللہ تو جانتا ہے میرے جتنے خرچے ہیں وہ خزانہ غیب سے عطا فرما انشاء اللہ تعالی عطا فرمائیں گے

حکیم حافظ بلال احمد معالج قانون مفرد اعضاء

جادو ٹونہ بندش کا مجرب عمل

سورۃ عبس بمعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکیس بار پڑھ کر یہ الفاظ
دہرائیں۔فلاں بن فلاں پر جس نے جادو،ٹونہ،کھلایا،پلایا،جلایا
دفنایا، لٹکایا،بہایاہو،کیا کرایا فوراً ختم ہو اور کرنے والے پر پلٹ جائے یا
حق یا حق بحرمت سورۃ عبس جس نے جادو کیا اس کے تمام اعمال صلب
ہوں امت محمدی اس کے شر سے محفوظ رہ سکے۔اکیس مرتبہ دم کریں
مریض کو پلائیں اور گھر و دکان میں چھڑکاؤ کریں۔اللہ کے فضل سے
تمام جادو ختم ہو کر جادو گر کر عمل صلب ہوجائے گا۔ارمان

حاضرات جنّات جادو کرنے کرانے والے کو دیکھنے کا مجرب عمل

حاضرات جنّات،جادو کرنے کرانے والے کو دیکھنے کا مجرب عمل
جادو کرنے کرانے والے کو دیکھنے کیلئے مریض سے کہیں کہ وہ کالے
دائرے میں غور سے ایک ٹک دیکھتا رہے اور عامل لاحول ولاقوۃ الا با
اللہ العلی العظیم سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پیغام لگائے کہ یا صوفی
ابراہیم اس جگہ کا حصار لگائیں اور اس مریض کے اوپر جو بھی جادو
،جنّات ہے،کرنے والے،کروانے والے،سب کو سامنے لے آئیں۔پھر
تھوڑی تھوڑی دیر بعد اسی طرح تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرتے رہیں
اور پیغام لگاتے رہیں۔سب کچھ ویڈیو فلم جیسے دکھ جائے گا۔نوٹ۔صوفی
ابراہیم موکل کا نام ہے جو موم کی طرح نرم ہے اور پتھر سے زیادہ
سخت ہے۔نقش کو مریض کی ناک کے سامنے رکھیں اور نقش کے پیچھے
سے روشنی جلادیں نقش اگلے صفحہ پر ہے۔جناب خالد محمود صاحب

حاضرات والا نقش
جادو کرنے و کرانے والے کو دیکھنا

جنوں اور پاگل پن سے شفاء کا نقش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جبرائیل علیہ السلام

قولہ　　الحق

میکائیل علیہ السلام　　عزرائیل علیہ السلام

۳۵۰۱	۳۵۰۴	۳۵۰۷	۳۴۹۳
۳۵۰۶	۳۴۹۴	۳۵۰۰	۳۵۰۵
۳۴۹۵	۳۵۰۹	۳۵۰۲	۳۵۹۹
۳۵۰۳	۳۴۹۸	۳۴۹۶	۳۵۰۸

جادو کی کاٹ کا ایک انوکھا زود اثر طریقہ

علاج۔ سبز دھاگہ مریض کے قد کے برابر گیارہ تار ناپ کر معوذتین ایک ایک بار پڑھ کر گرہ لگاتے جائیں گیارہ گرہیں لگائیں پھر سورۃ مزمل ایک ،سورۃ جن ایک بار، سورۃ تکویر ایک بار پڑھ کر ان گرہوں اور مریض پر دم کریں پھر اس دھاگہ کو مریض گھٹنوں تک پورے جسم پر خوب ملے اس کے بعد عامل یا مریض کے متعلق مرد حضرات سورۃ تکویر تین بار پڑھ کر جلائے اور مریض آگ کو دیکھتا جائے بفضل اللہ تعالیٰ جس کو جادو گر، جادو، تعویذات کروانے والا سب کچھ نظر آئے گا عمل سے پہلے عامل اور مریض کا حصار کرنا نہ بھولیں۔ مفتی خلیل الرحمٰن

جملہ اقسام کے جادو سے حفاظت کا اور جادوگروں پر جادو رجعت کرنے کا ایک رات میں عامل بننے کا ایک لاجواب عمل

عمل کا وقت عرفہ کی شب میں بعد نماز عشاء یا شب برأت سے ایک رات قبل والی رات یعنی تیرہ تاریخ گزر کر چودہ تاریخ کی رات میں یہ عمل کرنا ہے فائدہ ہر طرح کا عمل جو کسی نے جادو کے ذریعہ کسی پر کیا ہو، سفلی عمل کالے عمل کا سہارا لیا ہو یا کچھ اوٹ پٹانگ کرکے کھلا پلا دیا ہو یا کسی شی کو مسلط کردیا ہو غرضیکہ کوئی کتنا بھی بڑا جادوگر کیوں نہ ہو، آپ یقین کامل کے ساتھ اس عمل کو کیجئے دشمن مغلوب ہو جائے گا اور کیا ہوا عمل اسپر رجعت کرے گا غلط کی وجہ سے خود پریشان ہوگا ان شا اللہ تعالی اس کا جادو آپ پر کبھی بھی اثر نہیں کریگا عمل یہ ہے۔۔آیۃ الکرسی دلِ قرآن، آپ چلے تو رحمان، حلقہ حلقہ سات ،آسمان، سات گلی کے لئے ایک دربان، پاؤں رکھے جبرئیل علیہ السلام کرم کرے رحمان، وجود موجود بارگاہِ رسول اللہ، چلہ کرے، جو چلہ نہ کرے چھل کرے، چھلاوا کرے، جادو کرے جو جو کرے سو سو مرے الٹ پھیر سب اسکا اسی پر پڑے بحق لا الٰہ اِلّا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم۔۔۔۔طریقہ۔۔اوّل آخر درود شریف سات بار پڑھیں پھر اس عمل کو ایک سو اکتالیس کی تعداد سے پڑھیں، صرف ایک دن کا عمل ہے پھر وظیفہ میں روزانہ گیارہ بار پڑھیں ان شا اللہ دشمن کبھی بھی آپ پر غالب نہ ہوگا بہت ہی پرتاثیر عمل ہے ضرور کیجئے اجازت عام ہے

سید محمد عبداللہ نقشبندی شاذلی

بڑے گوشت سے جنات جادو کی کاٹ

یہ عمل مجھے ایک عامل سے ملا جس کو میں نے کئی مرتبہ آزمایا ہے خاص کر ان مریضوں پہ جو جنات جادو کے زریعے بستر پر پڑ گئے ہوں جادو گر جنات کی ھلاکت اس عمل میں یقینی ہوتی ھےاس عمل میں مضبوط حصار شرط ھے عمل کا طریقہ ایک کلو گائے کا گوشت لیں اور اس کے تین حصے کرلیں اب ان تینوں حصوں پر مندرجہ ذیل اعمال پڑھ کر دم کریں ایک بار سورۂ بقرہ سوبار آیۃ الکرسی اکیس سو بار یہ دعا پڑھیں

اعوذبکلمات اللہ التامات من شر ماخلق

پھر تین عدد ھانڈی لیکرایک عدد ھانڈی میں گوشت کاپہلا حصہ ڈالکر ہانڈی کا ڈھکن بند کرکے آٹے سے لیپ کریں اب اس ہانڈی کو صبح کے وقت چولہے پر رکھ دیں اور مریض اس کے پاس تین گھنٹے تک بیٹھا رہے گوشت کا دوسرا حصہ کوئلہ میں جلائے اور مریض کو اس گوشت کی دھونی دیں گوشت کوئلے میں ڈالتے جائیں اور دھونی دیتے جائیں گوشت کے تیسرے حصہ کا سالن بناکر اسی مریض کو کھلائیں یہ عمل تین دن کرنا ہے ان شاءاللہ اس عمل کی برکت سے مریض پہلے ہی دن جادو جنات سے مکمل طور پر شفاء پائے گا سینے کا راز تھا جو ساتھیوں کو پیش کردیا اس عمل کیلیے عامل کا حصار مضبوط ہو یہ عمل جادوجنات بندش نظربدگھر کی صفائی کے لئے زبردست ھے ھانڈی پانی میں بہادیں دھونی والے گوشت دفن کریں اجازت شرط ھے

صوفی ساجد الرحمن ملازئی

آسیب نظربد درد کیلئے مجرب گنڈا

یہ عمل انڈیا کے حسن الہاشمی صاحب کا ہے لیکن میرے ذاتی تجربہ میں
ہےاور بہت کمال کا عمل ہے آسیبی مریض اور وہ افراد جو بار بار نظر بد
سے متاثر ہوجاتے ہوں اور حالت یہ ہو کہ جسم کے مختلف حصوں میں
درد رہتا ہوعلاج کرو تو ٹھیک ہو جاتا ہوعلاج کے ایک دودن بعد دوبارہ
مرض و درد لوٹ آتا ہو تو ایسے مریضوں کے لیے یہ عمل بہت ہی
نافع ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کے دائیں بازو کے برابر ڈوری
کاٹ لی جائے یا سات تار کالے دھاگے کے لے لیے جائیں اگر مسئلہ
معمولی ہو یا بچے کو بنا کر دینا ہو تو 1 گرہ پر ایک مرتبہ سورہ مزمل
پڑھ لی جائےاور اگر مسئلہ سخت ہو یا بڑوں کو دینا ہو تو ہو تو ایک گرہ
پر تین مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر دم کیا جائےاور میٹھی چیز تقسیم کرنے کے
بعد وہ ڈوری یا گنڈا گلے مین ڈال دیا جائے ٹوٹل سات گرہیں لگانی ہے
یہ گنڈا کسی بھی وقت بنایا جاسکتا ہے عمل کی فی الفور تاثیر کے لئے
مریض کا سامنے ہونا یاکم از کم مریض کے مرض کے ختم ہونے کا
تصور بہت مفید ہے

دشمن کو زیر کرنے کا مجرب عمل

یہ عمل میرا خود آزمایا ہوا ہے۔جس کو زیر کرنا ہو بائیس مرتبہ تین یا
سات دن تک زوال آفتاب کے وقت پڑھیں ان شاء اللہ وہ بندہ زیر
ہوگا بشرطیکہ عامل حق بجانب ہو عمل یہ ہے

اللھم انت القادر وانا المقدور فمن یدع المقدور
الا القادر یارب یارب یارب

جنات کو مسخر کرنے اور ان سے دوستی کرنے کا عمل

یہ عمل اس جگہ کیا جائے جہاں کثیر جنات کا ہونا مشہور یا معلوم ہو
ایک بار سورۂ جن پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کریں اور وہ پانی پی لیں
اس کے بعد آنکھیں بند کرکے حکم لگائیں کہ یہاں جو بھی جنات ہوں
اگر وہ مجھ سے دوستی کرسکتے ہیں اور جائز کاموں میں میری معاونت
کرسکتے ہوں تو وہ میرے پاس آجائیں اس کے بعد آنکھیں بند کرکے
سورۂ جن کی ابتدائی پانچ آیات کم از کم پندرہ منٹ پڑھتے رہنا ہے اگر
روحانیت مضبوط ہوگی تو جنات سامنے آجائیں گے جب جنات سامنے
آجائیں تو ان سے بات کرکے بلانے کا طریقہ اور بن بلائے نہ آنے کا
عدہ لے لیں اور اگر روحانیت مضبوط نہ ہو تو سات یا گیارہ دن یہ عمل کیا
جائے اور حکم لگایا جائے کہ اگر آپ دوستی کرسکتے ہیں اور جائز کاموں
میں میری مدد کرسکتے ہیں تو خواب میں آکر طریقہ بتائیں اس میں کسی
حصار کی ضرورت نہیں۔ سلیمان فاروقی

کاروباری بندش کھولنے کا مجرب عمل

اکیس عدد اگربتیاں لیں اور ہر اگربتی پر ایک بار سورۃ المزمل پڑھیں
روزانہ چار اگربتیاں دوکان میں سلگائیں یہ عمل اکیس دن تک جاری رکھیں
اگربتیاں کم ہوتی رہیں گی اور شامل کرتے رہیں
غازی وسیم حنفی

کڑاہی کا عمل

جب کسی شخص سے جنات کسی صورت نہ جاتے ہوں یا گھر میں جنات کا بسیرا ہوں اور مسلسل کوششوں کے باوجود بھی جنات پیچھا نہ چھوڑتے ہوں یہ عمل مضبوط حصار والا عامل ہی کرے طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے عمل کے ساتھ دیا ہوا نقش بنالیں اس عمل میں کاغذ کے دونوں جانب نقش لکھنے ہیں ایک جانب ایک نقش اسی کے پیچھے دوسرا نقش لکھنا ہے نقش میں جہاں فلاں بن فلانہ لکھا ہے وہاں مریض اور اس کی ماں کا نام لکھنا ہے نقش تیار کرنے کے بعد ان پر مندرجہ ذیل اعمال پڑھ کر دم کرنا ہے

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ... أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِككُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَة... اَللّٰہُ لَا إِلَهَ إِلَّا ہُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُہُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَّہُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَہُ إِلَّا بِإِذْنِہِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيہِمْ وَمَا خَلْفَہُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِہِ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّہُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَئُودُہُ حِفْظُہُمَا وَہُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيم

مندرجہ بالا آیت ایک بار اور سات بار ولا یئود.....العظیم تک

وَلَا يَئُودُہُ حِفْظُہُمَا وَہُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيم وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم

پڑھ کر تعویذ پر دم کریں

اب ایک پاؤ سرسوں کا تیل کڑاہی میں ڈال کر اس کے نیچے آگ جلائیں
یہاں تک کہ تیل ابلنا شروع ہوجائے یہ عمل مریض کے گھر کے صحن
میں کریں کچن میں ہرگز نہ کریں اس لئے کہ اس عمل میں
کڑاہی کے ارد گرد آگ بھڑکتی ہے یہ بھی خیال رہے کہ کڑاہی کے
قریب کپڑا یا پلاسٹک کی چیزیں بھی نہ ہوں اب دم شدہ تعویذ مریض
کے پورے جسم پر اچھی طرح ملواکر ابلتے ہوئے کڑاہی کے تیل میں
ڈال دیں اور پھر عامل مندرجہ ذیل ترتیب سے پڑھائی کرکے کڑاہی کے
تیل پر دم کرتا رہے دوران پڑھائی کڑاہی کے ارد گرد آگ لگے گی
جب آگ لگ جائے تو چولہا بند کردیں اور اس آگ کو بجھنے دیں ان
شاء اللہ عزوجل اس عمل سے جنات کے بڑے بڑے لشکر جل جائینگے

کڑاہی پر دم کرنے کا عمل

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ... أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِككُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَة... اَللّٰهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَّهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِنْدَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيم

مندرجہ بالا آیت ایک بار اور سات بار ولا یئود....العظیم تک

وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيم وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيم

کاغذ کے اوپر لکھا جانے والا پہلا نقش

کاغذ کے پیچھے لکھا جانے والا نقش

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

مریض فلاں بن فلانہ وفلاں سے
فرعون قارون ہامان نمرو دشداد ابلیس
تلبیس جنان ساحر ان سوختہ شود

بخار کے لیے مجرب ڈوری

ایسی ڈوری کہ چیلنج کر کے مریض کو بنا کر دیں ان شاء اللہ بخار چلا جائے گا چاہے بخار کی کوئی بھی قسم ہو جو لوگ پانچ پانچ سال سے بخار مین مبتلا تھےان کو بنا کر دی آرام آ گیا اور دوبارہ بخار نہیں ہوا اتوار کا دن ہو اور ایک کالی ڈوری ہو پھر اس پر سات گرہ لگانی ہے ہر گرہ پر ایک مرتبہ الحمد شریف آیت الکرسی اور آخری تین سور تیں دم کرین اور گرہ پر پھونک کر گرہ لگا دین اس طرح سات گرہیں لگائیں اور کوئی میٹھی چیز تقسیم کر کے گلے مین پہنا دیں عمل چار پانچ سال سے تجربہ میں ہے اتوار والے دن بنائی گئ ڈوری کام کرتی ہے مکمل اور اتوار والے دن فجر سے لے کر ظہر تک بہت کمال کام کرتی ہے اتوار کو بنا کر بھی رکھی جا سکتی ہے جب مریض آئے پہنا دیں بہت با کمال عمل ہے

گردے کے تمام امراض کے لئے

بحمد اللہ تعالیٰ میں نے اسے گردے کی پتھری،درد اور ڈائلیسس والے مریضوں کے لئے بہت مفید پایا ہے یہ میں مجرباتِ عاملین کے ساتھیوں کی نذر کرتا ہوں جو ساتھی فائدہ اٹھائیں دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں یہ ایک طلسم ہے اسے ایک لکھ کر مریض کو گلے میں پہنائیں
اور روزانہ ایک چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائیں اور ایک عدد پانی کی بوتل میں ڈال کر پینے کے لئے استعمال کروائیں مدتِ علاج تا حصولِ شفاء

۷۸۶

ک ن م ق

الملک القدوس الرحمٰن الرحیم

۷۹۵ ۷۹۵ ۷۹۵

نظر کھولنے کا شاندار عمل

خالد محمود صاحب۔ایسے عاملین حضرات جن کی نظر نہیں کھلی ہوئی ہے جو پریشان ہیں نظر کھولنے کیلئے تو ان کیلئے یہ بہت ہی زبردست ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ پرنٹ نکلوا کر سونے سے پہلے زیرو بلب جلادیں اس کالے گولے میں دیکھتے رہنا ہے اور ایک ہزار دفعہ اللہ اللہ کا ورد رکھنا ہے دو تین دن ہی گزرتے ہیں کہ اس کو اپنی جماعتیں نظر آنا شروع ہو جاتی ہیں نقصان کوئی نہیں حصار کی بھی ضرورت نہیں۔ نقش اگلے صفحہ پر۔۔۔۔

میکائیل

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيدٌ

عزرائیل

اسرافیل

گھر کا چالیس دن کے حصار کا مجرب اور مضبوط ترین عمل

اولاً گھر کی صفائی کی جائے اس کے بعد سورۂ یٰس سات مبین والی ترتیب سے پڑھی جائے یعنی ہر مبین پر آکر سورۂ یٰس نئے سرے سے شروع کرنی ہے یوں سات مبین پر سات بار نئے سرے سے یٰس پڑھی جائے گی اس ترتیب سے سورۂ یٰس پڑھ کر پانی پر دم کرکے رکھ لیں اب مین گیٹ کی چوکھٹ پر باہر کی جانب آکر لکڑی سے ایک لکیر کھینچ دیں اور دم شدہ پانی کا اس لکیر پر چھڑکاؤ کریں اس کے بعد گھر کے چاروں کونوں اور صحن میں چھڑکاؤ کریں اس سے گھر کا مضبوط حصار ہوجائے گا لیکن اس حصار کی مدت چالیس دن ہے اگر یہ عمل ہر ماہ کیا جائے تو جادو جنات اور منفی چیزیں گھر کبھی داخل نہیں ہوسکتیں

یہ میرا مجرب و آزمودہ عمل ہے۔ محمد مسعود

جنات کسی طرح قابو نہ آتے ہوں تو

مندرجہ ذیل عمل وقت و جگہ اور مکمل پرہیز کے ساتھ سوالاکھ کی تعداد میں پڑھ کر زکوۃ نکالیں اس کے بعد جو جنات کسی طرح نہ جاتے ہوں ان پر صرف سات بار پڑھ کر دم کردیں جنات بھاگ جائیں گے

اَلْعَنُکَ بِلَعْنَةِ اللّٰہِ التَّامَّةِ یَاجُنُودَ السُّلَیْمَانَ مَدَدِی

سلیمان فاروقی

وادی جن کے امیر شیخ امیر عبداللہ کا بتایا ہوا عمل

یہ وادئی جن کے امیر جن ہیں یہ عمل مجھے انہی نے دیا ہےایک پانی اور تیل کی بوتل اپنے سامنے رکھ کر ذیل میں دیئے گئے اعمال اسی ترتیب سے پڑھ کر پانی اور تیل پر دم کرکے گیارہ دن تک مریض کو استعمال کر وائیں پانی پینے کے لئیے اور تیل سے سر کندھوں اور پیٹھ کی مالش کر وائیں اور ایک دو قطرے کان میں ڈلوائیں ان شاء اللہ عزوجل گیارہ دن کے اندر اندر سرکش جنات ہمیشہ کے لئے چھٹکارا حاصل ہوگا عمل کی ترتیب

گیارہ بار درود ابراہیمی
سات بار سورۂ فاتحہ
سات بار آیۃ الکرسی
سات بار سورۂ فیل
سات بار سورۂ کوثر
سات بار سورۂ کافرون
سات بار سورۂ اخلاص
سات بار سورۂ فلق
سات بار سورۂ ناس
گیارہ بار درود ابراہیمی
غازی وسیم حنفی

تین روزہ عمل آدھا سر درد و ہمہ قسم درد

آغاز عمل تیرہ چودہ پندرہ ربیع الثانی سے شروع ہوگا تین رات کا عمل ہے
نوٹ اسکے علاوہ بھی کسی مہینہ کی نوچندی جمعرات یا تیرہ چودہ پندرہ
تاریخ کو کر سکتے ہیں طریقہ کار عمل بارہ ربیع الثانی کو فجر بعد با وضو سفید
کاغذ پر کالی روشنائی یا زعفران سے الگ الگ ایک سو ایک بار مندرجہ
ذیل نقش لکھنا ہے اگر فجر بعد نقش مکمل نا ہو تو مغرب سے پہلے پہلے
تک مکمل کر لیں تین دن میں کل تین سو تیرہ نقش بنینگے
بارہ کی صبح نقش لکھے اور تیرہ ربیع الثانی رات کو بعد نماز عشاء کے بہتر
ہے دیر رات میں سفید رومال یا چادر یا مصلے بچھا کر خوشبو لگا کر دو چار
چھ یا جتنی بھی ہو سکے نماز نفل ادا کر کے دعا مانگیں یکسوئی کامل یقین کے
صحیح نیت کے ساتھ اس کے بعد اول آخر درود شریف سات مرتبہ
آیت الکرسی گیارہ مرتبہ ہاتھوں پر دم کر کے حصار کی نیت سے پورے
جسم پر ملکر سورت فاطر کی اس آیت شریف کو

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا
اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ يَزِيْدُ فِى الْخَلْقِ مَا
يَشَآءُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

تین سو اکہتر بار پڑھ کے صبح جو نقش لکھا ہے اس پر اور میٹھے تیل پر دم
کریں اسی طرح تینوں دن کریں نوٹ اس عمل کے دوران اگلے دن
ایک دو یا تین کسی مستحق کو کھانا کھلا دیں عمل مکمل ہونے کے بعد تمام
پیغمبر صحابہ اکرام و اہل بیت اولیا کرام کو ہدیہ کرتے ہوئے دعا کر کے
اختتام کریں اور نقوش کو آٹے کی گولیاں بنا کر مچھلیوں والے

نی میں ڈال دیں پرہیز جمالی کے ساتھ گوشت انڈے نہ کھائیں نماز تکبیر اولا کے ساتھ نظروں کی حفاظت رکھیں فارغ وقت میں درود شریف کا ورد جاری رکھیں اور دم شدہ تیل کو کبھی ختم نہ ہونے دیں کم ہو جائے تو اور ملا لیں مداومت گیارہ بار روزآنہ طریقہ استعمال مریض کے جسم میں کہیں بھی درد ہوتوایک سانس میں تین دفعہ مذکورہ آیت پڑھ کر دم کریں اگر ایک سانس میں ممکن نہ ہو تو پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے لائے ہوئے تیل میں دم شدہ تیل تھوڑا سا ڈال دیں مریض درد کی جگہ پر اس تیل سے مالش کرتا رہے روزآنہ اگر آدھے یا پورے سر کا درد ہو تو تیل کے ساتھ ایک تعویذ موم جامہ کر کے دیں جو مریض ٹوپی وغیرہ کی مدد سے سر میں رکھے اگر عورت ہوتو بالوں میں کلپ یا دوپٹہ کی مدد سے رکھے نقش یہ ہے

طططططططططط
ططططططططط
طططططططط
ططططططط
طططططط
طططط
ططط
طط
ط

اللہ کافی اللہ شافی
وصلی اللہ تعالی علی خیر
خلقہ سیدنا محمد وعلی الہ
واصحابہ اجمعین

ابو ضیاء الرحمن حنفی

سحرزدہ مریض کی کاٹ

استاذ العاملین رہبر کاملین قاطع السحر فضیلۃ الشیخ خالد محمود صاحب کی خصوصی توجہ اور اجازت سے سحرزدہ مریض کی کاٹ کا مجرب عمل پیش خدمت ہےاس عمل سے دور کے مریض بھی کاٹ کر سکتے ہیں
مگر اس عمل سے فائدہ اٹھانے کے لیے پہلے آیت کی زکوۃ نکالنا ضروری ہے آیت یہ ہے

قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَاؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَأْتِيكُمْ بِمَاءٍ مَعِينٍ الملك....

طریقہ۔ ..بدھ کا دن ختم ہوکر جو رات آئے اسی رات کو بعد نمازِ عشاء جگہ اور وقت مقرر کرکے 11 دن 51 مرتبہ مذکورہ آیت مع اول و آخر درود شریف زکوۃ کی نیت سے پڑھیں 11 دن میں زکوۃ ادا ہوجائے گی جب کوئی سحرزدہ مریض آئے تو 51 مرتبہ پڑھکر کاٹ کی نیت سے ایک گلاس پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں ان شاءاللہ اسی وقت آرام مل جائے گا اور دورکعت نفل ادا کرکے اسی آیت کو لکھکر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دیں اگر مریض سامنے نہیں ہے دور ہے تو مریض کا تصور کرکے 51 مرتبہ پڑھکر پانی خود پی لیں اور نیت کریں کہ جس قسم کا بھی جادو ہے مریض پر وہ سب ختم ہوجائے بفضل رب کریم مریض ان شاءاللہ صحت یاب ہوجائے گا یقین اور تصور کا پختہ ہونا اولین شرط ہے

ولادت میں آسانی کے لیے

جب حاملہ عورت کے وضع حمل کا وقت قریب ہوتو چاہیے کہ مندرجہ ذیل عمل کریں اِن شاءاللہ ولادت میں آسانی ہوگی اور درود بھی شروع ہوجائے گا ایک عدد گڑھ پر 41 مرتبہ سورت الانشقاق کی پہلی 5 آیت اور 101 مرتبہ

وامتازالیوم ایھاالمجرمون

پڑھ کر دم کرے عورت سے کہے کہ مسلسل تھوڑا تھوڑا کھا لیا کرےاور ساتھ میں پینے کے لئے نقش دے اِن شاءاللہ دردزہ شروع ہو جائے گا۔از مولانا محمد اسحاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ اعوذ بکلمات اللہ التامات من
کل من شر ما خلق نصر من اللہ وفتح قریب وبشر
المومنین [illegible] انا فتحنا لک فتحا مبینا ۝ الٰہی
بحرمۃ یملیخا مکسلمینا کشفطط [illegible] کشافطیونس اذر
فطیونس تبیونس یوانس کوس وکلبھم قطمیر
وعلی اللہ فلیتوکل [illegible]
وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ [illegible]
محمد وآلہ واصحابہ اجمعین ۝
[illegible]

سلسلۂ قادریہ کا مضبوط حصار

جادو،جنات نظر بد وغیرہ منفی اثرات سے حفاظت کے لئے صبح
و شام 11، 11 بار پڑھ کر دم کیا جائے

صبرَصا ابرَصا صارَصا صورَصا

حصار من کل آفات و بلاء

حتی العرش و من تحت الثریٰ

وَجَعَلْنَا مِنۢ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا
يُبْصِرُونَ

محمد شفیق مہروی چشتی

اذان اور سورۂ مومنون کی آخری آیات کا عمل

سرکش جنات اور ہر قسم کے جادو اور اثرات کو ختم کرنے کے لیے
روزانہ دن میں دو دفعہ سورۃ مومنون کی آخری چار آیات 11 بار اور
اذان 3 بار پڑھیں اور چاروں قل شریف 11،11 بار پڑھ کر پانی پر دم
کریں اور اس پانی کو پورا دن وقفے وقفے سے پیتے رہیں۔اس عمل کو
شروع کرنے سے پہلے بڑا گوشت ایک پاؤ صدقہ کرکے شروع
کریں۔ان شاءاللہ بہت جلد افاقہ ہوگا سکون محسوس ہوگا۔۔۔

دعاگو: محمد سلمان چشتی قادری

شوگر کا مجرب علاج

اصلی عرق گلاب لیں اوراس پر 321 مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھیں اول آخر 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس عرق گلاب کو صبح دو چمچہ پانی میں ڈال کر پی لیا کریں ایک مہینہ تک اس کو چلاناہے اس کے بعد دوبارہ عمل کریں ان شاء اللہ 40 دن یا 60 دن کے اندر شوگر کا نام ونشان تک نہیں ہوگا

نعمت اللہ قاسمی انڈیا

عاملین کی رجعت کا علاج

سات مرتبہ سورت لقمان کا پہلا رکوع سات مرتبہ مکمل سورت نبا سات مرتبہ مکمل سورت عبس پڑھ کر پانی پر دم کریں صبح فجر کے ٹائم اور وہ پانی پاک نہر دریا یا پاک کنواں میں ڈال دیں سات دن لگاتار عمل کریں نیت رکھ کر اور سات دن ناغہ کریں پھر سات دن عمل کریں اسی طریقہ سے پھر سات دن ناغہ کریں پھر سات دن عمل کریں انشاللہ ہر قسم کی رجعت سے پاک ہو جائیں گے

نوید قادری

جنات کسی طرح قابو نہ آتے ہوں

تومندرجہ ذیل عمل وقت و جگہ اور مکمل پرہیز کے ساتھ سوالاکھ کی تعداد میں پڑھ کر زکوۃ نکالیں اس کے بعد جو جنات کسی طرح نہ جاتے ہوں ان پر صرف 7بار پڑھ کر دم کردیں جنات بھاگ جائیں گے

اَلْعُنُکَ بِلَعْنَةِ اللّٰہِ التَّامَّةِ یَاجُنُودَالسُّلَیْمَانَ مَدَدِی

سلیمان فاروقی

ڈوری کا شاندار عمل

جن گھروں میں لڑائی جھگڑے رہتے ہوں ان کے لیے یہ عمل کیا
جائےسورہ طارق کی آخری تین آیات کو تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر
دم کر کے پورے گھر میں چھڑکاؤ کریں اور گھر کے ہر کونے اور مین
گیٹ پر کھڑے ہو کر ڈوری تیار کریں اس طرح کہ ایک ڈوری لے کر
اس پر سات گرہیں لگائیں ہر گرہ پر تین مرتبہ سورۂ طارق کی آخری تین
آیات پڑھ کر دم کریں تمام ڈوریاں دم کر کے ہر کونے اور مین گیٹ پر
کیل کے ساتھ لگائی جائے اور ہر کیل پر بھی پچیس مرتبہ یہ آیات پڑھی
جائیں اور ہر مرتبہ مقصد ضرور بیان کرین پانی پر ڈوری پر کیل پر
عبداللہ

سورۂ مزمل کا شاندار عمل

یہ عمل رشتوں کی بندش، ہر طرح کی رکاوٹ کو دور کرنے جادو،جنات اور
نظر بد سے نجات کے لئے مؤثر ہے
عمل کا طریقہ
لکڑی کی کنگھی پر شہادت کی انگلی سے یاباسط نوبار لکھیں اور اس پر گیارہ
بار سورۂ مزمل اول و آخر درود شریف کے ساتھ پڑھ کر دم کریں
اب یہ کنگھا صرف مریض استعمال کرئےکوئی اور استعمال نہ کرے
منجانب محمد شفیق مہاروی

عمل برائے حب و تسخیرِ قلوب

صرف جائز کاموں کے لئے اس کی اجازت ہے۔ عمل یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

یَاخِضَر یَاخِضَر یَاخِضَر دَر نُور صُورتِ مُحَمَّد کُل ظُہُور فُلاں بن فُلاں شَخص نُوں حَاضِر کرو بَھانویں نیڑے بَھانویں دُور

فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لینا ہے یہ عمل بعد نماز عشاء تصور کر کے پڑھنا ہے۔طریقہ: اول و آخر درود ہزارہ شریف گیارہ مرتبہ درمیان میں طالب و مطلوب کے نام کے اعداد قمری نکال کر اتنی دفعہ یہ پڑھنا ہے۔ان شاء اللہ تبارک و تعالی مطلوب تین دن میں بیقرار ہو کر خود رابطہ کرے گا۔زکوۃ کا طریقہ ترک جلالی و جمالی کے ساتھ گیارہ دن اپنے پورے نام مع والدہ کے حروف کے اعداد قمری لیکر وقت مقررہ پر اتنی ہی تعداد میں پڑھنا ہے۔زکوۃ کے بعد مندرجہ بالا طریقہ سے استعمال کرنا ہے

غفران حبیب نوشاہی قادری

گھر سے جنات نکالنے کیلئے مجرب عمل

الحمد للہ میں ہر گھر میں استعمال کرتا ہو اکیس عدد اگربتی پر یاقھار تین سو تیرہ بار دم کرنا ہے اور روزانہ گھر میں تین تین اگربتی استعمال کرنا ہے سات دن کا عمل ہے گھر کے صفائی کے لیے میں نے بہت جگہ استعمال کیا ہے

محمد شہزاد

چھڑی سے عرق النساء کے درد کو جھاڑنے کا مجرب اور بہت ہی خاص عمل

اولاً مریض کو الٹا لٹاکر مندرجہ ذیل آیت گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور جس حصہ پر درد ہے وہاں بھی دم کریں اس کے بعد چھری پر دم کرکے چھری کی دوسری جانب جہاں دھار نہیں ہوتی اس حصہ کو درد والے حصہ پر ہلکا ہلکا ماریں یہ عمل مسلسل تین دن کریں درد مکمل طور پر ختم ہوجائے گا آیت یہ ہے

محمد شبیر

قُلْ مَنْ رَبُّ السَّماواتِ وَالْأَرْضِ قُلِ اللَّهُ قُلْ أَفَاتَّخَذْتُمْ مِنْ دُونِهِ أَوْلِياءَ لا يَمْلِكُونَ لِأَنْفُسِهِمْ نَفْعاً وَلا ضَرًّا قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْأَعْمى وَالْبَصِيرُ أَمْ هَلْ تَسْتَوِي الظُّلُماتُ وَالنُّورُ أَمْ جَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ فَتَشابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ قُلِ اللَّهُ خالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُوَ الْواحِدُ الْقَهَّارُ

بخار کا مجرب عمل

یہ میرا مجرب عمل بخار کیلیے ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم کے حروف علیحدہ علیحدہ لکھ کر پھر سورہ کوثر پہلی آیت لکھیں اسی ترتیب سے تینوں آیات لکھیں آپکے پاس تین پرچیاں ہوگئیں پہلی پرچی کی دھونی دیں بخار اتر جائے فبہا ورنہ گھنٹے گھنٹے کے وقفے سے تینوں سے دھونی دیں انشاءاللہ شفاء ہوگی۔ عبداللہ تاج

درد کا مجرب گنڈا

یہ گنڈا یاقابض کے عمل کا ہے جسم میں کسی بھی جگہ کیسا ہی درد ہو
درد کے مقام پر یہ گنڈا باندھا جائے یا تعویذ بناکر گلے میں ڈالہ جائے
ان شاء اللہ درد مکمل طور پر کافور ہوگااس عمل سے پہلے اس کی زکوۃ ادا
کرنا ضروری ہے طریقہ زکوۃ : اکیس یا اکتالیس دن نو سو تین مرتبہ
یاقابض پڑھ کر اس کی زکوۃ نکالی جائے اس کے بعد سات نیلے رنگ کے
سوتی دھاگہ لے کر انہیں یکجا کر کے سات گرہیں اس طرح لگائی جائیں کہ
ہر گرہ پر اکتالیس بار یَاقَابِضُ قبض کَر فُلاں بن فلاں کا دَرد
فلاں جگہ کاپڑھ کر دم کریں یہ عمل ہر طرح کا درد باندھنے کے لئے
مجرب ہے جس کے پاس یہ عمل کام کرگیا تو اسے درد باندھنے کے لئے
دوسرے عمل کی حاجت نہیں۔عبداللہ

نام سے تشخیص

جب مریض آے ایک سفید کاغزپراس کااور اس کی والدہ کے نام لکھ کر یہ
کاغذمریض کےھاتھ میں دےدیں اورساتھ ھدایت کریں کہ وہ
درودشریف کیپرھائی کرنےکےساتھ اپنےنام والی جگہ پر غور سے دیکھتارہے
پھرعامل بلاتعدادسورۃالکوثر پڑتارہےاور مریض سے پوچھےاس کوکیا نظر
آرھاہے مریض پرجوچیزہوگی وہ اس کوکاغذمیں ساری کی ساری نظر
آجاے گی جادوکھاں ہے کس نےکیاہے کھلایا پلایا جلا لٹکایا جھاں بھی
ہوگانظراےگا اور جنات ہوں گے توان کی شکلیں بھی نظراہیں گئیں اگرکچھ
نہ ہواتوپھرکچھ بھی نظر نہیں اےگا
یہ عمل سینے کےراز تھاجوکہ میرےشاگردوں کے علاوہ اور کسی کو بھی
معلوم نہیں ہے۔ڈاکٹر عبدالرؤف نقشبندی مجددی

سحر کی کاٹ کا مجرب عمل

مریض کو سامنے بٹھاکر اپنی بائیں جانب مٹی رکھ کر مکمل سورۂ عبس کی تلاوت کریں اس کے بعد بائیں جانب مٹی پر تین بار تھو تھو کریں پھر تین بار کہیں اُبطُلُوا اُخرُجُوااور مریض پر دم کریں اسی ترتیب سے سورۂ عبس سات بار پڑھنا ہے یہ عمل سات یا گیارہ دن تک کیا جائے ان شاء اللہ جادو کی کاٹ ہوجائے گی تھتکاری ہوئی مٹی کو کہیں بھی پھینک سکتے ہیں۔

ماہ رمضان المبارک کا خاص

تمام روحانی جسمانی امراض کے لئے یہ عمل ہر شخص کو کرنا چاہیئےمیرا کئی سالوں کامجرب عمل پیش خدمت ھےافطاری کے تمام اشیاء پر اول و آخردروداِبراھیم گیارہ مرتبہ درمیان میں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سلام قولا من رب رحیم

آٹھ سواٹھارہ مرتبہ پڑھ کردم کرلیں گیارہ دن یہ عمل کریں ان شاء اللہ عزوجل تمام روحانی جسمانی امراض سے شفاء ملے گی۔

گھر کی تشخیص کا عمل

سورۃالکوثر کے عمل سےگھر کی تشخیص کاعمل حاضرخدمت ہے سفید کاغذپر کچی پنسل سے تین لائنز لگاکرپھراس کاغذ کی لاین والی سائیڈ زمین فرش پر رکھ کر تینتیس مرتبہ مطلوبہ سورۃ پڑیں پھرکاغذکواٹھاکردیکھیں اگرلائنزبڑھ جاہیں جنات ہیں اور کم ہوجاہیں جادو ہےمیرے طریقے کودنیاں بھرمیں تلاش کریں کہیں نہیں ملے گا۔ڈاکٹر عبد الرؤف

لرد الدعوة و السحر

عن الولي الصالح سيدي محمد العطار قال في كتابه (الجواهر الخمس ص دو سو چار طبع بیروت).و أيضا لرد الدعوة و السحر يقرأ هذه الأسماء و الآيات المنضمة إليها عدد اکیس مرة وهي. سيدي عارف بالله محمد بن خطير الدين بن بايزيد العطار قدس الله تعالی سره العزیز اپنی کتاب (الجواہر الخمس ص دو سو چار طبع بیروت) میں فرماتے ہیں کہ رد دعوت و سحر کے لئے ، آپ ان اسماء جلیلہ اور آیات مبارکہ کو اکیس مرتبہ تلاوت کریں ۔ اور جادو کے مریض کے لئے اکیس (21) مرتبہ پڑھ کر دم کریں ۔ اور ایک تعویذ لکھ کر گلے میں ڈال دیں سات دن یہ عمل کریں۔عمران اعظم ہمدانی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَلِيْهَاً مَلِيْهَاً طَلِيْهَاً خَالِقاً مَخْلُوْقاً كَافِياً شَافِعًا اَرْتَضٰى مُرْتَضٰى بِحَقِّ يَابُدُّوْحُ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا بِحَقِّ اَساً . تَاساً . لَاساً . لُوْساً

جادو واپس کرنے کا جوتے والا نقش

فرعون ہامان شداد نمرود

۳۱۳۵	۳۱۳۰	۳۱۳۷
۳۱۳۶	۳۱۳۴	۳۱۳۲
۳۱۳۱	۳۱۳۸	۳۱۳۳

فرعون ہامان شداد نمرود

ہفتہ یا منگل مریخ یا زحل کی ساعت میں کالی سیاہی میں نوشادر سرکہ ملا کر لکھیں تین تعویذ تیار کرنے ہیں پھر رات کو ایک بائیں ران میں باندھ کر سوجائیں صبح اٹھ کر ران سے کھول کر سر سے سات دفعہ پھیر کر سات جوتے الٹے پاؤں والے مار کر پھر جلادیں راکھ کو ہاتھ میں رکھ کر ہوا میں اڑا دیں اور ساتھ کہیں یہ جادو کرنے کرانے والے کی طرف لوٹ کر اسی کی طرف جارہا ہے پھر اول و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پھر سورۃ فاتحہ سورۃ الفلق سورۃ الناس پانی پر دم کرکے ایک ہفتہ تک پیتے رہیں۔ڈاکٹر عبد الرؤف نقشبندی

مکان دکان دفترکارخانہ فیکٹری کی تشخیص

سورۃالکوثر کے عمل سےایک اور تشخیص بعد نمازعشاء کوئی سادھاگہ لےکراس پرسورۃ الکوثر تینتیس باردم کرکےمین دروازے پر لٹکادیں صبح اٹھ کر دیکھیں اگردھاگےکارنگ تبدیل ہوجائے توجادو جنات کےاثرات ہیں ورنہ نہیں ساتھی نوٹ کرلیاکریں باربارتنگ نہ کریں

ڈاکٹر عبد الرؤف نقشبندی

رجعت کی تشخیص

یہ عمل عاملین کے لئے عظیم تحفہ ہے کئی عاملین اپنی کوتاہیوں کی بناء پر
رجعت کا شکار ہوتے ہیں جس کا خود انہیں علم نہیں ہوتا اور وہ عاملین
رجعت کی وجہ سے شدید مسائل کا شکار رہتے ہیں لہذا تمام عاملین اس
عمل کے ذریعے اپنی تشخیص کرسکتے ہیں کہ ان پر رجعت ہے یا نہیں عمل
کا طریقہ ایک گلاس پانی سامنے رکھ کر گیارہ عدد کلونجی پانی میں ڈالیں اس
کے بعد تشخیص رجعت کی نیت سے سورۃ یسین پڑھ کر اس پانی پر دم کریں
اول پڑھتے وقت گھبراہٹ سر درد محسوس ہودوم یا پانی کا ذائقہ کڑوا
محسوس ہو تو سوم یاسر جسم کی نسیں اور رگیں پھڑکنے لگیں تو ان تمام
صورتوں میں عامل پر رجعت کا اشارہ ہےاور اگر کلونجی کے دانے گیارہ سے
کم ہوجائیں تو سخت ترین رجعت کی علامت ہے
لہذا کسی اچھے منجھے ہوئے عامل سے علاج کروانا چاہیئے
صوفی ساجد الرحمن ملازئی

سرکش آسیب کیلئے

سب سے پہلے روزآنہ پچیس نقش تیار کریں صبح سورج نکلنے کے وقت
شروع کریں ستائیس دن تک جو روزآنہ شام سورج جب لا ل ہو
جائے یا مغرب سے پچیس منٹ پہلے اپنے سامنے جلادیں اور اس کی
راکھ اٹھا کر دریا یا نہر میں ڈال کر آئیں یا جمع کر کے آخر میں اکٹھا
ڈالدیں اس کے بعد پیر کے دن سورج نکلنے کے فوراً بعد مرضوں کے
لئے نقش تیار کریں فی مریض کوسات عدد نقش دیں جس کو مریض اپنے

جسم پر مل کر ایک ایک نقش کا روزآنہ فلیتہ تیار کر کے رکھیں اور رات
کو جلا کر ایک گھنٹہ تک دیکھتا رہے۔

ابو ضیاء الرحمن حنفی

گلاب کے پھول والا تسخیرِ خاص کا عمل

عمل کسی خاص شخص کی تسخیر کے لئے ہے عمل کا طریقہ بعد از نماز فجر
ایک تازہ گلاب کا پھول سامنے رکھ کر دو سو مرتبہ یا متین اس طرح
پڑھیں گے کہ ھر بار پڑھنے پر گلاب پر پھونک لگائیں گےاور ہر دس
مرتبہ پڑھنے کے بعد کہیں گے فلاں بن فلاں کے دل و دماغ کو میرے
لئے مسخر کردو جیسے جیسے پھول پر پڑھائی ہوگی مطلوب کی کیفیت بدلے
گی عمل مکمل کرنے کے بعد مطلوب کو کسی ذریعے پھول پیش کریں
سونگھتے ہی مسخر ہوگا دیوانہ ھوگا عمل ایک دن کا ھے لیکن جائز کام کے
لئے استعمال کریں ورنہ نقصان ہوگا

قاری عبداللہ

احتلام سے حفاظت کا بہت ہی مجرب عمل

احتلام اور جریان کا عمل حاضر خدمت ہے یہ میرا بہت ہی مجرب عمل ہے جس مریض پر آزمایا اسے فائدہ ہوا سونے سے پہلے سورۂ طارق فمالہ من قوۃ ولا ناصر تک سات بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں اور بغیر کلام کئے سو جائیں احتلام کبھی نہیں ہوگا جریان کے لئے سورۂ حجرات تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے اکتالیس دن پئیں ان شاء اللہ مکمل شفاء ہوگی

ابوتراب محمد عرفان مدنی

جس کے ہاں ہمیشہ لڑکیاں پیدا ہوتی ہو

میرا مجرب المجرب عمل ہے جس کے ہاں مسلسل لڑکیاں ہی پیدا ہو رہی ہوں اس کے لئے یہ ضرور کیا جائے اللہ رب العزت کے حکم سے لڑکا پیدا ہوگا عمل کا طریقہ مندرجہ ذیل آیت حمل کے پہلے دوسرے یا تیسرے مہینے میں لکھ کر کمر میں باندھیں ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ (۸) عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِین

دیسی نسخہ

جب حمل کا دوسرا مہینہ شروع ہوجائے تو تخم شلنگی اور تخم بانگ لے لیجیے شام کے وقت دو عدد تخم شلنگی کھلائیں اور صبح کے وقت تخم بانگ

۔جمیل نوشاہی

فوری طور پر مرض پر قابو پانا اور جادو جنّات کیلئے بھی مفید عمل

؛ ادا کرنے کا طریقہ روزآنہ فجر کے بعد پینتالیس نقش لکھیں اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا نہر کے چلتے پانی میں ڈال دیں پینتالیس دن تک مسلسل کرتے رہیں

زکوۃ کا دوسرا طریقہ سوا لاکھ کی ترتیب پر بھی چالیس دن میں نقش تیار کرکے پانی میں ڈالیں۔ اس نقش کو سرسوں کے تیل میں فتیلہ بنائیں اور مریض کے سامنے جلائے رکھیں آدھ گھنٹہ تک جنّات اور جادو کیلئے مجرب ہے پہلے دن ایک جلائیں دوسرے دن دو جلائیں ایک ایک گھنٹے اسکے بعد ہر روز ایک ساتھ تین جلائیں مثال آگے ہے گیارہ دن کے لئے تیس فتیلے مریض کو دیں لیکن ضروری ہدایت ایک نقش مریض اپنے بازو میں باندھے رکھے اور آخری دن اسے جلائے

قارون	شیطان	فرعون
ہامان	دجال	ابلیس
فرعون	شداد	نمرود

العجل العجل العجل الوحا
الساعہ الساعہ ۳۱۳

ابو ضیاء الرحمن حنفی

تین دن میں سفلی عامل کے اعمال کو ضائع کر نے کا عمل

چہل کاف کے ذریعے تین دن میں خطرناک سفلی عامل کے اعمال ضائع کرنا کچھ ایسے خطرناک اور بے رحم سفلی عامل ہوتے ہیں جو کسی کو بھی کسی بھی طرح کا نقصان دینے کا عمل کر دیتے ہیں آخرت کو بھولے ہوتے ہیں یہ عمل ایسے ہی عامل کو سزا دینے کا ہے اگر کا میاب ہوگیا تو وہ سفلی عامل پاگل ہو جائے گا، مفلوج ہو جائے گا یا مر جائے گا۔ اس عمل کی شرط یہ ہے کہ سفلی عامل کا پتہ ہو یا اس کو دیکھا ہو اور اس کی رہائش یا جہاں وہ عملیات کرتا ہے، مریضوں کو دیکھتا ہے وہاں جانا ممکن ہو عمل کا طریقہ کسی صاحبِ نسبت بزرگ کے مزار پر تین دن لگاتار ایک ہی وقت میں یہ عمل کرنا ہوتا ہے۔ چہل کاف کو گیارہ سو چار یا پانچ سو بار پڑھنا ہے اول و آخر درود شریف ایک تسبیح درود شریف کوئی بھی پڑھا جا سکتا ہے اگر بامؤکل چہل کاف پڑھنا ہو صرف تین سو تیرہ مرتبہ پڑھنا ہی کافی ہے مگر تین دن ترک حیوانات کرے یہ عمل اس عامل کا تصور کرکے کرنا ہے روزانہ عمل کر کے اس عامل کو تصور میں دم کر دیں پھر اس صاحبِ نسبت بزرگ کے وسیلے سے اللہ ﷻ سے دعا کریں کہ فلاں سفلی عامل کے سارے عمل ضائع ہو جائیں اور پھر گلاب کی چند پتیاں اٹھا کر لے آئیں لگاتار تین دن کریں۔ تین دن کے بعد وہ پتیاں اس عامل کی رہائش یا جہاں وہ مریضوں کو دیکھتا ہے، وہاں ڈلوا دیں اور پھر تماشہ دیکھیں یہ عمل صرف وہ عاملین کریں، جو مزارات سے فیض یاب ہونا جانتے ہیں اور غیبی مدد لینا جانتے ہیں یہ عمل صرف چہل کاف کے عاملین ہی کریں جناب ابتسام

گھریلو جھگڑے ختم کرنے کا عمل

ایسی عورت جسکا خاوند یا اس کی ساس تنگ کرتے ہوں یا لڑائی جھگڑے کرتے ہوں ان کا رویہ اس کے ساتھ ٹھیک نا ہو تو یہ نقش مشک و زعفران سے لکھ کر اپنے پاس رکھ لیں اور قدرت کا کرشمہ دیکھ لیں۔ مولانا عامر محمود

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ بِاللّٰہِ وَمِنَ اللّٰہِ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَۃٍ وَخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا المسہ فلما قضی زید منها وطروا ک ۸۰ ع د ۱۱۱ ۸ اول ۲۲ ع ع ع ک فلانه

زاد • فلانه ک ۸۸ د ۱۱۱ اول ۲۲ ۳ ۹ ع ک ۳

۱۱ ک ۱۱ ۸ ۷ و کا ۸۸ ع ۱۱۱ ۸۸ ۱۱ ۹ ۱ ک ۱ ۳

ع ۹ ۱ ط ۱ ۲ ۹ ۳ ۳ ۱۱۱ ۹ ۳ ۳ ط ۱ ۰ ۱۱ ۹ ۱ ۸ ۳ ۳ ۳ ۱ ۹ ۱ ۹ ۱ ۹ ۱۱۱ ۱۱۱

السجل السجل الشامۃ الشامۃ الوحا الوحا الوحا ۲ ۹ ع ع ک ۱۱ ۸ ۸ ۷ ۰ ۱ و ۱ ۷ ۱ و ۱ ۷ ط ۱ ۰ ۱ ط ط ۸۸ ۱۱ ۷ ع

اس ۱ و ۱ و ط ۱ ۹ ۱ ۹ ۸ ۱ ۷ ۷ ط من باب احضار ادمی از

درد کا مجرب علاج

تین سو تینتیس مرتبہ یا قابض پڑھ کر تین بار یوں پڑھیں

یَاقَابِضُ یَاقَابِضُ یَاقَابِضُ اِقْبِضْ اِقْبِضْ اِقْبِضْ دردِ فلان

جس جگہ کا درد ختم کرنا ہو اسکا نام لیں مثلاً درد کمر درد سر وغیرہ فلان بن فلان جس بندے کا درد ختم کرنا ہو اسکا نام لیں اور دم کریں ایک سیکنڈ مین درد سلب ہو جاتا ہے میں نے فل حال یہ ہی تجربہ کیا ہے آپ مزید امراض کیلیئے روزانہ دم کر کے تجربہ کر سکتے ہیں اور دوسرے شہر والوں کو بھی دم کر کے تجربہ کر سکتے ہیں۔ علی احمد

نظر بد بندش اور آسیب سے نجات کا آزمودہ عمل

یہ میرا بارہا کا آزمایا ہوا مجرب عمل ہے عمل بیالیس اگر بتی لیں اور پانی
اب اس کو سامنے رکھ کر نومرتبہ حزب البحر پڑھیں جس شخص کے لئے
عمل کررہے ہیں پڑھتے وقت اس کا تصور ذہن میں رکھیں عمل مکمل کرنے
کے بعد اگر بتی اور پانی پہ دم کریں تین بار اچھی طرح پھر مریض کو
دے دیں اور اگر بتی ایک صبح اور ایک شام گھر دکان فیکٹری وغیرہ میں
جلانے کے لئے کہیں اور پانی کا چھڑکاؤ کروائیں اور مریض کو خود بھی
پینے کا کہیں نوٹ یہ عمل اکیس دن کا ہے اکیس دن پورے ہونے سے
پہلے ہی معاملات ٹھیک ہوجائے گے۔ انشاءاللہ۔شیخ حسان قریشی

بندش لگانے کا عمل

سورۂ دھر جائز بندش لگانے کے لئے مجرب مؤثر ہے اولاً اس کی زکوۃ نکالی
جائے پھر عمل میں لایا جائے زکوۃ کا طریقہ گیارہ دن تک وقت و جگہ کی
پابندی اور مکمل پرہیز کے ساتھ اکیس بار پڑھنا ہےبندش لگانے کا طریقہ
جس شخص پر جس چیز کی بندش لگانی ہو اس کا تصور کرکے اکیس بار پڑھ
کر شہادت کی انگلی پر دم کرکے تصور میں اس کے سر کے ارد گرد
گھمادیں بندش لگ جائے گی

دوسرا طریقہ

ایک دیسی تالہ لے لیجئے جو چابی سے کھلتا ہو اور چابی سے ہی بند ہوتا ہو
اب جس شخص پر بندش لگانی ہو ایک چھوٹی پرچی پر اس کا نام اور جو بند
ش لگانی ہو لکھ کر اس پر اکیس بار پڑھ کر دم کریں اور تالہ پر دم کریں
اب بندش کی نیت سے اس تالا کے بند کرنے کی جگہ رکھ کر تالہ بند
کردیں بندش لگ جائے گی اب اگر وقتی طور پر بندش لگانی ہو تو تالہ چابی

اپنے پاس رکھیں جب بندش کھولنی ہو تالہ کھول دیں اور اگر دائمی بندش لگانی ہو تو تالہ چابی بہتے پانی میں بہادیں۔ سلیمان فاروقی

دشمن سے چھٹکارا یا اسے جانی اور بدنی نقصان دینے کیلئے

ایک مجرب الجرب عمل پیش کرتا ہوں جسکی اجازت مجھے حضرت شیخ القرآن والحدیث مفسر اعظم پاکستان حضور سیدی وسندی مفتی محمد فیض احمد اویسی علیہ الرحمہ نے مجھے عطا فرمائی لیکن خدارا بامر مجبوری کریں جب دشمن مسلسل نقصان پہنچارہا ہو اور اس سے بچنے یا سبق سکھانے کی کوئی صورت کارگر نہ ہو تو یہ عمل کیا جائے چھوٹے موٹے جھگڑوں پر اپنے مسلمان بھائیوں کو دشمن سمجھ کر ہرگز ہرگز یہ عمل نہ کیاجائے
طریقۂ عمل اگر صرف دشمن سے چھٹکارا حاصل کرنا ہے تو بوقتِ تہجد تین سو ساٹھ مرتبہ

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِی نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِم

سادہ طریقے سے پڑھنا ہےاور اگر دشمن کا مالی نقصان مقصود ہے تو اسی دعا کو ایت مبارکہ

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم

کیساتھ ملاکر پڑھنا ہے تعداد وہی ٹائم بھی وہی اور اگر جانی نقصان کرنا ہےتواسی دعا کو ایت کریمہ کیساتھ ملا کر پڑھنا ہے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِی نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِم بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْن

تعداد بھی وہی اور ٹائم بھی وہی اور اگر اس ٹائم نہیں پڑھ سکتے تو پھر بعد نماز عصریہ بارہا ازمایا ہے الحمدللہ والشکر للہ سو فیصد رزلٹ آیا ہے۔ابو محمد

عاملین کے لئے عملِ تسخیر کا نایاب تحفہ

جن عاملین،ڈاکٹرز،اَطبأ کے پاس مریض نہ آتے ہوں وہ یہ عمل ضرور کریں
ان شاء اللہ زبردست تسخیر حاصل ہوگی عمل کا طریقہ عشاء کے بعد دو
رکعت صلوۃ الحاجت اس طرح پڑھیں کہ دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ
کے بعد پچیس پچیس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد گیارہ بار
درود شریف گیارہ بار

یَاایُّهَا الْجانّ حَاضِرْ شُود بَحُکمِ اِلٰہِی

پھر پانچ سو مرتبہ

یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ آمَنُوا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰه

گیارہ بار

یَاایُّهَا الْجانّ حَاضِرْ شُود بَحُکمِ اِلٰہِی

پھر گیارہ بار درود شریف یہ عمل چالیس دن یا کم از کم مسلسل اکیس دن
کرنا ہےاس عمل کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہے کہ اس سے "یُحِبُّوْنَهُمْ
کَحُبِّ اللّٰہ" کا نقش مربع بہت تیزی سے کام کرتا ہےزکوۃ ادا کرنے
کے بعد پندرہ دن یا مہینے میں ایک بار ضرور کرنا ہے۔ساجد ایاز حقانی

روٹھے محبوب و مطلوب کو حاضر کرنے کیلئے

دوست و اعزاء و اقرباء و شوہر و بیوی وغیرہ کسی بھی روٹھے کو منانے اور
اس کے دل میں محبت ڈالنے کے لئے پڑھ سکتے ہیں اس عمل کے لئے
اس کی زکوۃ کی ادائیگی ضروری ہےزکوۃ کا طریقہ ذیل میں دیا گیا عمل زکوۃ
کی نیت سے چالیس دن تک روزانہ ایک سو چوالیس مرتبہ
یا اکیس دن تک روزانہ تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھا جائے مگر یہ عمل جاری
پانی میں دن کے وقت کرنا ہوگا

رَاجه گَنْجْ وَلِی کی لِهِڑ سَوَا گَڑِی کی سَوَا پِهِر آوَے آوَے فُلاں مُڑ کے پِهر
نه جَاوَے گوْ گَیْش که بَنْدَه اُٹھ جَگَاوَے اَلِفْ اَللّٰهُ الصَّمَدْ دَمْ تَوْڑْ کُفْرْ
تَوْڑْ پِهوْڑْ مُشْکِلْ مَیرِی آسَان فَرْمَائیں یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن
زکوۃ کے بعد صرف گیارہ مرتبہ مطلوب کے ساتھ پڑھ لیں تین دن سے
سات دن تک یا پھر میٹھی چیز پر دم کر کے ایک مرتبہ مطلوب کو
کھلادیں اور کرشمہ دیکھیں ۔ساجد ایاز حقانی

جادو جنات آسیب نظر بد اور رجعت سے نجات کا عمل

یہ عمل ھمارے قابل قدر دوست محمد طاھر خاں سیفی کا ھے اس کو کیا ھے
اور کئی دوستوں کو بھی بتایا تھا پچہتر فیصد رزلٹ ملے ھیں پورے سو
فیصد نہی ملے سو فیصد کے لیئے اس کی روزانہ کی ریاضت ھے جو کہ
عامل حضرات کرتے نہیں عمل میں کوئی شک نہیں ھم میں ہی نقص ہے
یہ بہت ھی مجرب عمل ھے اس کی کئی سنیئر عاملین حضرات نے تصدیق
بھی کی ھے عمل یہ ھے

یاحفیظ حفاظت کر یارقیب رقابت کر یاوکیل وکالت کر اجب یاطاطائیل
بحق لاالہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین یاجبار یاجبار یاجبار
فلان بن فلان پر جادو آسیب نظر بد وجمیع اثرات دفع شد دفع شد دفع
شد یاکریم کرم کر یارحیم رحم کر بسم اللہ اللہ اکبر

اگر اپنے لیے کرنا ہو تو فلان بن فلان کی جگہ میرے اوپر کہنا ہے نو بار
دم کرنا ہے پانی پر اس پانی سے نہانہ ہےاس کے بعد نو بار پانی پر دم کرنا
ہے وہ پانی پینا ہے نو بار مریض پر دم کر نا ہے اسی طرح سات دن تک
عمل کرنا ہے آخری دن اس عمل کو لکھ کر تعویز بنا کر گلے میں ڈالیں
روزانہ کی ریاضت نو مرتبہ ھے۔ خادم الفقراء حکیم محمد طارق بھٹی

حب کا خاص عمل

حب کیلئے بہترین عمل یہ نقش الم نشرح کا ہے ہر آیت کے بعد الحب علی حب الحب علی حب نقش لکھنے کے بعد ستر مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر دم کریں پہننے کیلئے دیں یا پلانے کیلئے دیں یا پنکھے پر لگائیں کسی درخت پر لٹکا دیں یا وزن کے نیچے دبا دیں۔ مولانا خالد محمود صاحب

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ

الحب علی حب

وَوَضَعۡنَا عَنۡکَ وِزۡرَکَ

الحب علی حب

الَّذِیۡۤ اَنۡقَضَ ظَہۡرَکَ

الحب علی حب

وَرَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ

الحب علی حب

فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا

الحب علی حب

اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ یُسۡرًا

الحب علی حب

فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ

الحب علی حب

وَاِلٰی رَبِّکَ فَارۡغَبۡ

الحب علی حب

چار نقوش والاحب کا خاص عمل

حب کیلئے بہترین عمل یہ چار نقش ہیں ہر نقش کے نیچے الحب علی حب الحب علی حب نقش لکھنے کے بعد پہن سکتے ہیں تو پہننے کیلئے دیں یا پلانے کیلئے دیں یا پنکھے پر لگائیں کسی درخت پر لٹکا دیں یا وزن کے نیچے دبادیں غرض یہ کہ ہر طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔ مولانا خالد محمود صاحب

قرض سے نجات اور مالی وسعت کا خاص عمل

السلام علیکم آج کے دن کا یہ خاص الخاص عمل ھے قرض سے نجات اور کاروباری وسعت اور مالی پریشانی کیلئے میرے یہ ھر سال سے معمولات میں ہے پہلے سو روپے صدقہ دیں پھر ایک بار سورہ یاسین پڑھنا ہے اور ہر مبین پر رک کر ایک بار سورہ مزمل پڑھ کر سو بار یا مغنی پڑھنا ہے پھر اگے چلنا ہے اس طرح سات مبین پر سات بار سورہ مزمل اور سات سوبار یا مغنی پڑھا جاے گا پھر دو راکعت نفل ادا کرنا ہے پھر اپنے کاروبار جاب اور رزق کیلیے دعا کرنا ہےاس عمل سے آپ آنے والے سال من ہر قسم کی مالی پریشانی سے محفوظ رہیں گے اجازت خاص

استاد العاملین خادم امت مولانا خالد محمود صاحب

رزق بارش کی طرح برسے

یہ ایک عمل اپنی جگہ مگر ایک سینے کا راز ھے بے شمار فوائد کے عامل ھے یہ عمل مگر ان کے لیے جو کبیرہ گناہ سے خود کو بچاے عمل زندگی میں ایک بار کرے اور ان شاءاللہ تعالی ساری زندگی آپ کو رزق کی پریشانی مالی پریشانی نہیں ہوگی یہ عمل آزمودہ ھے اور مجربالمجرب عمل ھے نو چندی جمعرات کو روزہ رکھے اور رات کو گیارہ سو بار سورۃ القریش پڑھے مع بسم اللہ کے یعنی بدھ کے دن روزہ رکھے اور رات کو یہ عمل کرے ان شاءاللہ پوری زندگی رزق کی پریشانی مالی پریشانی ھر قسم کہ مصیبت سے آپ اور آپ کے آنے والے نسلیں محفوظ ہو نگے میری طرف سے آپ سب کو اجازت ھے ھے

نوٹ۔عمل کے بعد روزانہ اکیس بار سورہ قریش کا معمول بنالیں

جو احباب نیند میں خراٹے مارتے ہوں

انکے لئے زبردست حل حاضر خدمت ہے رات کو سوتے وقت ڈراپر کی خالی بوتل میں دیسی گھی یا روغن زیتون ڈالکر دو دو قطرے ناک کے نتھنوں میں دونوں طرف ڈالکر سو جائیں چند دنوں میں خراٹے بند ہو جائیں گے ان شاء اللہ۔ مفتی غلام احمد قاسمی

نظر بد کا میرا مجرب عمل

فجتبٰہ ربہ فجعلہ من الصالحین وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھو الاذکر اللعالمین

گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اگر اس وقت انکھوں سے پانی بہنے لگے تو مریض نظر بد شکار ہے اور نظربد کا اثر ختم بھی ہوجائیگا مریض کو سکون بھی ائیگا اور انکھوں سے پانی نہ بہہ جائے تو کوئی نظر بد نہیں احباب اسکو آزمائیں۔ مفتی غلام احمد قاسمی

نسخہ و عمل برائے خونی بواسیر

تین یا چارعدد انجیر لے کر اسکو دوگلاس پانی میں اچھی طرح دس منٹ جوش دیں اسکے بعد چھولے سے اتار کراس پے سورہ قریش ایک سو گیارہ باریاشافی الکافی تین سو بارپڑھکر دم کرکے پی لیں اور آخر میں بچی ہوئی انجیر کو اچھی طرح چبا چبا کر کھالیں کدو شلجم توری غذا میں کھائیں ان شا اللہ میرے رب کے فضل سے کرم سے اسکی چند دنوں فائدہ ہوگا

جب تک مکمل ختم نا ہو استعمال جاری رکھیں اگر استعمال کے دوران دست نے لگیں مقدار آدھے کر دیں انجیر کی اور اسبغول کا چھلکا پانی سے لیں اس فقیر کو دعائیں دیں گے آپ۔ مفتی غلام احمد قاسمی

رجعت کا علاج

بہت سے احباب جانے انجانے میں بہت سی عملیات غلط سلط طریقے سے انجام دیتے ھیں یا انکے شرائط میں کوتاھی کرتے ھیں اور نتیجه ھوتا ھے رجعت جسکی وجه سے انکے تمام اعمال رک جاتے ھیں اور چاھے اسکے بعد جتنے بھی عمل یا چلے کر لیں کامیاب نہیں ھوتے اسکے علاوہ انکی زندگی میں ایک طرح سے نحوست سی طاری ھوجاتی ھے بیماریاں بھی لگ سکتی ھیں روحانی اورجسمانی گھروں میں لڑائی جھگڑے فسادات وغیرہ وغیرہ ھم اسکے ازالے اور خا تمے کا طریقہ دڑج کرتے ھیں سب سے پہلے باوضو ھو کر اور اگر ھو سکے تو غسل کر لیں اگر نا ھو سکے تو با و ضو ھوکر پاک صاف کپڑے پھنیں اور پاک صاف جگه کا انتخاب کریں جھاں کوئی آپکو تنگ نا کرے عمل کے دو ران تنھائی میں دو رکعات نفل عمل کی کامیابی کی نیت سے پڑھیں او اسکے فورا بعد سو مرتبه استغفار پڑھکر الله سے کامیابی کی دعا مانگیں اور اسکے بعد ایک ھی نشست میں بسم الله الرحمن الرحیم ایک سو اٹھاون مر تبه اللھم صل علی محمد و علی آل محمد سو اٹھاون مرتبه

اسکے بعد بسم الله الرحمن الرحیم تین سو چودہ مرتبه اللھم صل علی محمد و علی آل محمد تین سو چودہ مرتبه
اسکے بعد بسم الله الرحمن الرحیم تین سو اٹھاون مرتبه اللھم صل علی محمد و علی آل محمد تین سو اٹھاون مرتبه
اسکے بعد بسم الله الرحمن الرحیم چار سو ستاسی مرتبه

اللھم صل علی محمد و علی آل محمد چار سو ستاسی مرتبہ
اب آپکا عمل مکمل ھوا ویسے تو ایک ھی دن کافی ہے نوٹ
یہ عمل تین سے سات دن سکتے ھیں تاکہ آپکا دل مطمئن
ھوجائےاور آپکے دل میں کسی قسم کا شک و شبہ نہ
رھےفقیر مفتی غلام احمد قاسمی چشتی قادری

شریر جنات کا علاج

جتنا بھی اڑیل شریر جن ھوکسی طرح جانے کا نام نا لےاسکے لئےسورہ مزمل
اکسیر ھےجو اس سورہ مبارکہ کا عمل ھوگا اتنا ھی جنات اس سے ڈرتے ھیں
دریائے سندھ میں دھوتی باندھ کر ناف تک پانی میں اتر کر اس بدکار نے
مرشد کی عطا سے تین تین ماہ کے باپرھیز چلے سورہ مزمل کے کیے ھیں پانی
کے اندر ناف تک جانا ھوتا ھے کھڑے کھڑے سورہ کو ایک سو ایک یا ایک
سو گیارہ بار پڑھنا ھوتا ھےاس عمل سے جنات والا مریض صرف آپکے سامنے
آئے گابغیر پڑھے صرف آپکا چہرہ دیکھ لے خود حاضری اسکی ھوتی ھےپانی پے
ایک بار پڑھکر دم کرکے چھینٹا مارو گے جن جل جائے گاپر محنت ریضت اسکی
کچھ سخت ھے دوران عمل کالے چنے فروٹ سبز چائے اور پانی استعما ل کرنا
ھےاس عمل کی اور بھی برکات ھیں جو آپکے مخالف بات کرے گا چاھے
جتنی دور ھو وہ کچھ دنوں میں اسکا کباڑہ نکلنا شروع ھوگا
آپ زبان ودل سے جسکو دعا یا بد دعا دوگے ایسا اثر کرے گا جیسے راکٹ
لانچر۔مفتی غلام احمد قاسمی

سحر کی کاٹ کا مجرب عمل

یہ عمل کئی عاملین کو دیااور خود بھی آزمایا جادوبندش سفلی یا کسی بھی عمل سے مریض متاثر ہواور بستر پر پڑھ گیا ہواس کے لئے یہ عمل کیا جائے ان شاہ اللہ صد فیصد فائدہ ہوگامریض کو سامنے بٹھا کر ایک عدد پانی اور تیل کی بوتل رکھ لیں اب ایک بار سورۂ یس اس طرح پڑھیں کہ
ہر مبین پر ستر بار حسبنا اللہ ونعم الوکیل کی تکرار کی جائےاس ترتیب سے پڑھائی کے بعد مریض پانی اور تیل پر دم کیا جائے تیل سے روزانہ مالش کی جائے اور پانی مریض روزانہ پیئے ان شاہ اللہ ایک ہی بار میں ہر طرح کے منفی اثرات زائل ہونگے باقی جو اثرات رہ جائیں گے وہ تیل اور پانی سے مکمل ختم ہوجائیں گے تیل اور پانی ایک ہفتہ استعا ل کروائے جائیں مولانا ادریس صاحب ساہیوال

تسخیر دولت وتسخیر خلائق

برکت وسکون وعزت اور ہر قسم کی رجعت سے حفاظت کیلئےمندرجہ ذیل چار اعمال جو بظاہر آسان ہیں لیکن ایسے فضائل وکمالات کے حا مل ہیں جوصرف پڑھنے والا ہی حاصل کرتا ہے ان چار اعمال کے ورد کی برکت سےعامل کی زبان اورہاتھ میں شفا آجاتی ہے اور اس کے کسی کام میں روکاوٹ وبندش واقع نہیں ہوتی اور عامل دن بدن ترکی کرتا جا تا ہےچار اعمال یہ ہیں اول سنتِ فجر سے پہلے سو بارسبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم وبحمدہ استغفر اللہ دوئم فجر کی سنت و فرض کے درمیا ن اکتالیس بار سورۂ فاتحہ بسم اللہ کی آخری میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملاکرہر بار پوری سورت ایک ہی سانس میں پڑھنی ہے سوئم بعد نماز فجر و مغرب سو بارلا الہ اللہ الملک الحق المبین چہارم ہر نماز کے بعد سوبار استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحہ القیوم واتوب الیہ۔نور المصطفی قادری

عمل تسخیر مؤکل برائے دولت ورزق

کل رات سے یہ عمل شروع کردیں یہ عمل تسخیر مؤکل برائے دولت ورزق کیلئے
زبردست ہے نہایت ہی رحم دل مؤکل ہے بعد عشاء خوشبو سے معطر ہوکر
خلوت میں "یا ذاالجلال والاکرام" ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اول آخر درود ابراہیم
گیارہ مرتبہ چھ سے نو یوم میں کامیابی کی بشارت مل جائے گی پھر ہر نماز کے بعد
سو مرتبہ ورد میں رکھیں رزق ودولت سے متعلق تمام پریشانی ختم ہونی شروع
ہوجائے گی قرض سے نجات ملجائے گی لوگوں کی ہجوم بڑھ جائے گی قدرتی طور پر
راہیں ہموار ہونے لگے گی, پوری اجازت کے ساتھ آپ کو دے رہا ہوں دعاؤں
میں یاد رکھیں۔شہباز بنگالی

عمل ہمزاد سورہ رحمان کا

طریقہ عامل ایک بڑا شیشہ لے اندازا ڈیر یا دو فٹ کا لمبائی چوڑائی میں ہو اپنے
رو برو رکھے آئینہ میں اپنا عکس دیکھتے ہوئے سورہ رحمان پڑھے زبانی یاد ہونی
چاہیے کیونکہ آپ کی نگاہ آئینے میں ہوگی اور ایک پیالا پانی کا بھر کر اپنے
پاس رکھے جب سورہ پڑھتے ہوئے اس آیت پر پہونچے تو اسکو ایک سو ایک
مرتبہ پڑھے اور باقی سورہ کو پڑھکر ختم کرلیں اور پانی پر دم کرے اور اپنے
اوپر چھینٹے مارے اور بقیہ پانی کو پی لے یا کسی دیوار پر چھینٹ دیں زمین پر نہ
پھینکیں انشاءاللہ اکیس دن میں ھمزاد تابع ہوگا چند یوم میں آثرات شروع ہو
جائنگیں جو آپ کے قابلیت کے حساب سے کم یا زیادہ ہوسکتا ھے ھمزاد کے عمل
میں قوت خیالی اھم کردار اداکرتی ھے یعنی آپ کی یکسوئی اور ار تکاز کی طاقت
ایک جگہ ذہن کو لگا کر رکھنا اور کوئی خیال ذہن میں نہ آئیں یہ جتنی زبر دست
ہوگی اتنی جلدی ھمزاد مسخر ہوگا جو آیت ایکسو۔ ایک مرتبہ پڑھنا ھے وہ یہ یمعشر
الجن ولانس ان استطعتم ان تنفذ و من اقطار السموات ولارض فانفذو لا تنفذون
الا بسلطان اس پہلے آپ سمجھ لیں اسکی کچھ شرائط بھی ھے شرائط میں پر
ھیز جلالی وجمالی کے ساتھ روزانہ غسل کر کے عمل شروع کر ہے با وضو حالت

میں عمل کے وقت شک کو پیدا نہ ہونے دیں روز ایک ہی وقت اور ایک ہی جگہ عمل کریں عمل سے قبل اور دوران عمل کسی سے تذکرہ نہ کریں کے آپ عمل کر رہے ہیں چاہے وہ کتنا ہی قریبی کیوں نہ ہو لوگو سے ملنا اور بات چیت کم کریں ہلکی غذا کھائے دوران عمل اچھی خوشبو کا استعمال کرین اور لو ہبان اگربتی جلائیں نماز کی پابندی ضروری ہے۔المضا ہری

الدعوۃ المحرقۃ .موذي جنات کو جلانے کے بارے میں عظیم فائدہ

جن کا انسانی جسم میں داخل ہونے کے بارے میں اختلاف یہ ہے کہ وہ کس طرح انسانی جسم میں داخل ہوسکتا ہے۔اس کے متعلق نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں إِنَّ الشَّيطَانَ يَجْرِي مِنْ أَحَدِكُمْ مَجْرَى الدَّمِ مِنَ اللَّحْمِ بے شک شیطان انسان کے جسم میں اس طرح داخل ہوتا ہے جس طرح خون گوشت میں دوڑتا ہے۔اور شیخ ابو النفر ہاشم بن قاسم علیہ الرحمۃ والرضوان. بیان کرتے ہے کہ میں اپنے گھر کے اندر جنات کو دیکھا کرتا تھا..ایک مرتبہ جنات نے مجھ سے کہا، اے ابو النفر ہمارے پڑوس سے چلے جاؤیعنی اس گھر سے چلے جاؤ۔ یہ بات مجھے سخت ناگوار گزری تو میں نے کوفہ کے عالم و فقیہ شیخ ابن ادریس الخازني علیہ الرحمۃ والمغفرۃ اور شیخ اسامہ الغزالی علیہ الرحمۃ والمغفرۃ. کو خط لکھاچنانچہ الخازني نے مجھے جواباً لکھا کہ شہر میں ایک کنواں تھا اس کے ڈول کی رسی کو جنات کاٹ دیا کرتے تھے تو اس علاقے میں ایک قافلے نے قیام کیا تو وہاں کے لوگوں نے ان سے اس کی شکایت کی تو انہوں نے پانی کا ایک بھرا ہوا ڈول منگوایا اور اس پر درج ذیل کلمات پڑھ کر دم کیے اور اسے کنویں کے بیچ میں ڈال دیا جب انہوں نے اس پانی کو اس کنویں میں ڈالا تو جنات چیخ اٹھے تم نے ہمیں عظیم ہلاکت میں ڈال دیااللہ تعالی کی قسم اب ہم یہاں سے نکل جاتے ہیں اور کبھی بھی یہاں نہیں رہے گےاوروہ عالم جس نے پانی ڈالا تھا اس نے

ان (جنات) سے کہا خاموش رہو اور وہ خاموش ہو گئے ان کی کوئی آواز
یا حرکت نہیں سنائی دی لہذا باقی پانی بھی ان پر ڈال دیا کنویں کے نیچے سے
سرخ آگ بھڑکتی ہوئی نکلی جس میں دانت واضح ہو رہے تھے کنویں کے اوپر
کی طرف سخت دھواں اور ناگوار بدبو تنور کی طرح آ رہی تھی یہ بدبو کنویں
سے ایک گھنٹہ تک آتی رہی اس کے بعد کنویں میں خاموشی ہو گئی لہذا جو
جنات) اس میں تھے جل گئے اور مر گئے اللہ تعالیٰ کے اسماء کے اسرار کی)
برکت سے جو جلا دینے والے نورانی ہیں پھر شیخ ابو النفر فرماتے ہیں کہ
میں نے ایک پیالہ پانی کا لیا اور اس پر وہی اسماء جلیلہ پڑھے اور گھر کے کونے
کونے میں پانی کو چھڑکا دیا جہاں میں نے جنات کو دیکھا تھا۔ پانی چھڑکنے کے
بعد وہ جنات چیخ اٹھے اے ابو النفر الأمان الأمان ۔اللہ تعالیٰ کی قسم تم نے
ہمیں ہلاکت میں ڈال دیا اور ہمیں جلا دیا لہذا ہم تم سے اور تمہارے گھر
سے تمھاری جگہ سے اور تمھارے پڑوس سے روگردانی کرتے ہیں اس عذاب کو
ہمسے دور کر دیں ہم تم کو نہیں جانتے تھے لیکن معاف کر دینا صلاحیت حا
صل ہو جانے کے وقت پر ہے اور وہ اسماء عظام یہ ہیں جو کنویں پر پڑھے گے
تھے اور (میں نے) پانی کے پیالے پر پڑھے تھے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بِسْمِ اللهِ أَمْسَيْنَا بِسْمِ اللهِ أَصْبَحْنَا بِسْمِ اللهِ الَّذِیْ لَیْسَ
كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ مُمْتَنَعٌ بِهٖ وَبِقُوَّةِ اللهِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ وَلَا تُضَامُ
وَبِسُلْطَانِ اللهِ الْمَنِيْعِ نَحْتَجِبُ وَبِاَسْمَاءِ اللهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا نَعُوْذُ
بِاللهِ الْعَظِيْمِ مِنَ الْبَلِيَّةِ وَمِنَ الشَّيَاطِيْنِ الْمُتَمَرِّدِيْنَ وَمِنْ
شَيَاطِيْنِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ مُغْلَقٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ مُفَتَّحٍ
وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ بِاللَّيْلِ وَيَكْمُنُ بِالنَّهَارِ وَيَكْمُنُ بِاللَّيْلِ وَيَخْرُجُ

بِالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ وَمِنْ اِبْلِيْسَ اللَّعِيْنِ وَجُنُوْدِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَا يُتَّقٰى أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالصَّافَّاتِ صَفًّا فَالزَّاجِرَاتِ زَجْرًا فَالتَّالِيَاتِ ذِكْرًا اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ الْكَوَاكِبِ وَحِفْظًا مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَارِدٍ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ دُحُوْرًا وَلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ كِتَابِهِ الْكَرِيْمِ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

رشتے میں رکاوٹ دور کرنے کیلئے

اگر کسی کے رشتے میں کوئی رکاوٹ ڈال رہا ہو تو سورۂ اخلاص ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر رکاوٹ ڈالنے والے کو ذہن میں رکھ کر پھونکیں۔ انشاء اللہ رکاوٹ بہت جلد دور ہوجائے گی۔یہ عمل میں نے جس کسی کو بھی بتایا اس کو یقینی فائدہ ہوا ہے۔

ملک عدنان صادق

رشتے میں رکاوٹ دور کرنے کیلئے

الحمدلله ذی العزوالکبریاء وصلی الله علی محمد خاتم الأنبیاء

تہجد کے وقت نہ اٹھ سکے تو عشاء کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔اکیس یا چالیس یوم پڑھیں صاحب معاملہ بھی پڑھے اور والدین یا بھائی بہن بھی پڑھ سکتے ہیں۔مولانا خالد محمود صاحب

مطالعے کرتے وقت ذہن کھلنے کیلئے

اللهم نور قلبی بعلمک واستعمل بدني بطاعتك وبارك وسلم عليه

سبق شروع کرنے سے پہلے سات بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کریں

مولانا خالد محمود صاحب

ادائیگی قرض کیلئے

اللهم صل ابدا افضل صلواتك علي سيدنا محمد عبدك و نبيك النبي الامي وآله وسلم تسليما وزده تشريفا وانزله المنزل المقرب عندك يوم القيامة

روزآنہ ایک سو مرتبہ یکسوئی کے ساتھ بیٹھ کرپڑھیں۔اکیس یا چالیس یوم پابندی سے ایک وقت منتخب کر کے پڑھیں۔مولانا خالد محمود صاحب

ہر مشکل اور حاجت کیلئے

اللهم صل علی محمد کما هو اهله و مستحقه

درود شریف کو بسم اللہ کے ساتھ ہزار مرتبہ پڑھنے کے بعد کلمہ طیبہ کو بسم اللہ کے ساتھ ہزار مرتبہ پڑھ کر عاجزی سے دعا کرے۔یہ عمل مسلسل تین رات شب بدھ شب جمعرات اور شب جمعہ کو کرے اگر کام نہ ہوتو ایک بار اور کرے۔اگر پھر بھی نہ ہوتو مسلسل ایک ہفتہ کرے۔ان شاءاللہ وہ مشکل ختم ہوگی یا جائز حاجت پوری ہو گی۔مولانا خالد محمود صاحب

علاج رجعت

تنہائی میں بیٹھ کر مصلے پہ ایک سو ایک بار دھیمی آواز کیساتھ آذان پڑھیں سامنے بوتل پانی رکھیں اور پانی پہ دم کریں ان شاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی رجعت سخت سے سخت قسم کی رجعت کا مکمل خاتمہ ہو گا مجرب است تیر بہدف ہے۔ساجد الرحمن ملاز ہی

حب کا پلانے والا عمل

اِن اسماء کو کسی بھی کھانے پینے والی چیز پر 13 مرتبہ پڑھکر دم کر کے مطلوب کو کھلا یا پلا دیں پھر تماشہ دیکھے عزیمت اسماء یہ ہے
مہدولن مہدولن ہیلا طاشن ہیلا طاشن مل یوشن مل یوشن توکلو ایا خدام ھذہ لاسماء بالقاء محبۃ فلان فی قلبِ فلان
نوٹ یہ عمل صرف اتوار اور جمعہ کو صبح اوّل ساعت میں لکھے ۔فقط صوفی صاحب

قوت حافظہ کیلئے

بد نظری سے انتہائی درجے کا اہتمام رکھیں مسواک کا استعمال کسی اللہ والے ہاتھ پر بیعت بھی لاجواب زمین کو پانی دینے نرم کرنے میں مفید پایا جاتا ھے فرائض کو مقرر وقتوں میں پورا کرنا تلاوت کیلئے صبح ڈیلی اور فجر سے پہلے یا پھر بعد کم از کم ایک گھنٹہ کا وقت خاص جگا کے مقرر کرنے سے ضروری رکھنا بھی انتہائی ضروری ہے عمل یہ ہے روزآنہ ستر مرتبہ درود ابراھمی یاقوی یالطیف یا علیم پانچ سو مرتبہ پڑھا کریں نسخہ یہ ہے بادام اور چنہ پانچ پانچ عدد روزآنہ خالص دودھ ایک گلاس میں ڈال کر گرم کرکے رکھیں بغیر ٹھنڈہ کیے نیم گرم استعمال کریں صبح فجر کی آذان کے وقت دو گھنٹہ بعد ناشتہ کریں درمیانہ دوسرہ نسخہ ڈاچی کا دودھ ڈیلی ایک پاؤ استعمال کریں پرھیز لال مرچ اور چینی کا استعمال بلکل نا کریں۔ابو ضیاء الرحمن حنفی

انسان و جنات کی تسخیر کا عمل

اس عمل میں چلہ شرط ہے چلہ کا طریقہ مندرجہ ذیل آیات اکتالیس دنو ں تک اکتالیس بار زکوۃ کی نیت سے پرہیز کے ساتھ پڑھنا ہے آیات تسخیر یہ ہیں

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآىِٕبَیْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ۚ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۠

چلہ کے بعد گیارہ یا سات بار اپنے معمول میں رکھنا ہے طریقہ استعما ل

اول جس کی تسخیر مطلوب ہواسے کسی میٹھی چیز پر ستھتر بار کے تین دم کرکے وہ میٹھی چیز کھلائیں مطلوب مسخر و مہربان ہوگا

دوئم مطلوب اگر دور ہو تو تصور کرکے اکتالیس بار پڑھ کر دم کردیں ان شاء اللہ زبردست تسخیر ہوگی

سوئم کسی پر جن کی حاضری ہو اور وہ کسی طرح قابو میں نہ آرہا ہو تو اس پر سات بار کے سات دم کریں جن مسخر ہوکر قدموں میں سر رکھ دے گا

باقی عاملین اپنے تجربہ کے مطابق استعمال میں لائیں بہترین عمل ہے

محمد شبیر اسلام آباد

برائے قوت حافظہ

قصیدہ غوثیہ روزانہ ایک بار پڑھ اپنے مقصد کے لئے دعاکریں بوسیلہ غوث پاک ان شاء اللہ حافظہ روشن ہوگا قرآن روانی سے یاد ہوگا۔

مفتی محمد عرفان مدنی

نقش برائے امراض اطفال

ہا ہا ہا ہا ہا
و و و و و
و و و و و
ط ط ط ط ط
اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ
محمد محمد محمد
اللھم محمد صل محمد علی محمد
محمد محمد محمد

۷۸۶ھ ھ ھ ھ ✻ و و و و و و و و وھ ص م

چھوٹے بچوں کے تمام مسائل کے لئے یہ نقش مجرب الجرب ہے
میرا معمول ہے میں بچوں کے تمام امراض میں صرف یہی نقش دیتا ہوں۔احقر مفتی عبدالعلیم عبقری

نقش برائے حصول روزگار ومعاش

۷۸۶

اللہ	باسط	معطی
۱۵۳	۸۹	۲۶
۴۹	۱۰۶	۱۱۳

یہ نقش نہایت متبرک اور پرتاثیر پایا گیا ہے بندہ کا یہ معمول رہا ہے کہ شرف آفتاب میں کثیر تعداد میں یہ نقش تیار کرتا ہے اور جب بھی کوئی سائل حصول روزگار ومعاش کیلئے آتا ہے اسی یہی نقش دیتا ہے بندہ کا معمول اور مجرب ہے۔ مفتی عبدالعلیم عبقری

ہر قسم کی رسولی کا مجرب ترین عمل

ایک عدد گول بینگن لیں اور اکتالیس عدد کیکر کے درخت کے کانٹے لیں اور مریض کو اپنے سامنے بٹھا لیں ہر کانٹے پر ایک دفعہ سورۃ الفاتحہ اور

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ وَقُلْ رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِي مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيرًا

پڑھ کر مریض پر دم کریں اور ایک کانٹا بینگن میں چبھو دیں اس طرح اکتالیس دفعہ دم کریں اور ہر دفعہ ایک کانٹا بینگن میں چبھو دیں اب بینگن کو کسی سایہ دار جگہ پر لٹکا دیں انشاءاللہ جیسے جیسے بینگن خشک ہوگا رسولی بھی ختم ہو جائے گی مجرب ہے۔ محمد ندیم قیصر

یاقہار کا مضبوط عمل

اسم پاک یا قہار ہر طرح کے جادو جنات آسیب بلیات بندش اور اللہ کی محبت پانے کے لیے بہت موثر ہے اسکا ایک خاص الخاص عمل جوکہ ہر طرح کے سخت سے سخت جادو جنات اور بندش کے لیے اکسیر ہے ایک برتن لیں اسمیں پاوں ڈبو کر یاقہار گیارہ سو بار پڑھیں اور تصور کریں جس بیماری جادو جنات اور بندش سے نجات کے لیے میری تمام بیماریاں جادو جنات بندش ٹوٹ کر اس پانی میں جا رہی ہے بعض دفعہ پانی سیاہ بھی ہو جاتا ہے پھر اس پانی کو نالی میں بہا دیں یہ عمل اکیس دن یا چالیس دن کرلیں یہ عمل اپنے لیے اور کسی دوسرے کے لیے بھی کرسکتے ہیں اگر کسی کے گھر میں جنات ہو تو گیارہ سو بار پانی پر دم کرکے خود بھی پئیں اور گھر میں چھڑکاو بھی کریں اگر کسی کی دکان نا چلتی ہو وہ یاقہار گیارہ سو بار پانی پر اور تین سو تیرہ بار آیت کریمہ اگربتیوں پر دم کرکے روزانہ اس پانی کا دکان میں سپرے کریں اور اگربتی دکان میں جلائیں ان شاء اللہ کے نام کی برکت سے خوب دکان چلے گی۔ ابوالحسان قادری

پتھری کا مجرب ترین علاج و عمل

سنا مکی پچاس گرام سو گرام کالی مرچ پنسار لیں جو پہلے سے تیار شدہ سفوف ہو سکے بعد ان پر فجر کی نماز کے بعد ایک دفع سورۃ سورۃ یسین کی تلاوت کریں اور جب آیت مبارکہ اے سلام قولا من رب رحیم
تو اسی آیت پر رک جاے اور اس آیت مبارکہ کی تکرار کریں تین سو تیرہ دفع اسکے بعد سورۃ مکمل کریں اور سفوف پر دم کردیں ایک گرام والے کپسول تیار بھر لیں ورنہ مقدار کا اندازہ ممکن نہیں نقصان ہو سکتا ہے ہر خوراک کے بعد یک کپسول پھکی لسی سے دن میں تین دفع لیں چالیس دن میں پتھری کا نام نشان نہ ہوگا فریج کاپانی مرغی دال چنا تلا ہوا کھانا باہر کا کھانا ٹماٹر پالک مکمل بند کردیں۔ حکیم رضوان موسانی

عام بخار کے لئے مجرب گنڈا

سات عدد سفید دھاگے لے کر اکٹھا کرلیں اب سورۂ ضحی پڑھیں اور ہر ک پر ایک گرہ لگائیں اس کے بعد وہ دھاگہ مریض کے گلے میں پہنائیں بخار اترجائے گا

ٹائیفائیڈ کا مجرب گنڈا

پانچ عدد سیاہ دھاگے لے کر ملالیں اب دعائے قنوت پڑھنا شروع کریں اور ہر ک پر ایک گرہ لگائیں اور وہ گنڈا مریض کو گلے میں پہنائیں ان شاء اللہ شفایاب ہوگا

رجعت کا خوردنی علاج

اور رجعت کی خاتمے کے لئے جو باطنی تعلق سے ملی ہے وہ بادام کشمش اور شہد ہے جنکو مکس کرکے صبح نماز کے بعد تین چمچ کھایا کریں انشاءاللہ بہت فائدہ ملی گی۔ مولاناغلام احمد قاسمی

گھر میں سے جنات کی چوری روکنے کا عمل

جس گھر میں سے یہ گمان ہو کہ جنات یہاں سے پیسہ یا سونا یا کوئی بھی قیمتی چیز چوری کرلیتے ہیں اور واقعی مشاہدات اور تجربات ہیں کہ ایسا ممکن ہے اور ہو بھی جاتا ہے بہت کوشش واعمال کرنے کے بعد بھی چوری نہیں رک رہی ہو تو وہاں یہ آسان ترین اور مجرب ترین عمل کریں انشاء اللہ وہاں سے دوبارہ سے کوئی چیز چوری نہیں ہوگی

بارہا کا آزمودہ اور مجرب المجرب عمل ہے جس پرس یا گلے یا الماری ہو یا تھیلی جہاں بھی پیسے سونا رکھتے ہیں سب سے پہلے گیارہ بار آیۃ الکرسی اس طرح پڑھیں کہ اللہ لا الہ الا ھو الحہ القیوم کو ہر بار تین دفعہ اور آخر میں ولا یؤدہ حفظھما وھوالعلی العظیم کو ہر بار تین دفعہ پڑھیں اور اور اس تھیلی یا پرس مین پھونک ماردیں اور قرآن پاک کی آیت والسارق والسارقۃ فاقطعو ایدیھماتک اکیس مرتبہ پڑھ کر اس تھیلی یا پرس یا گلے میں پھونک ماردیں یہ عمل صبح شام تین دن کریں اب یوں سمجھیں کہ اس پرس یا تھیلی کو ایسا تالا لگا کہ جنات اب ہمیشہ کے لیے یہاں سے چوری نہ کرسکیں گے کامل یقین رکھیں انتہائی مضبوط ترین عمل ہے

دور سے مریض کے اثرات سلب کرنا

مریض کا نام مع والدہ عمر معلوم کرکے ایک سفید کاغذ پر لکھا جائے اسکے علاوہ ایک ایسا کپڑا جس پر مریض نے رات گذاری ہواسکا ایک ٹکڑا منگوایا جائے اب عامل کو چاہئے کہ ایک پانی کی چھوٹی سی بوتل پر چہل کاف اکتیس بار دم کرکے آٹے پر سورۂ قریش بغیر تعوذ تسمیہ کے اکیس بار دم کرکے آٹے اور پانی کو مکس کرکے مریض کے تصور سے

ایک پتلہ بنائے جس میں آنکھیں ناک منہ نا بنایا جائے بنانے کے بعد اس کے آگے پیٹ والی جگہ پر مریض مع ولدیت عمر لکھنے ہیں اور مریض کا وہ کپڑے والا ٹکڑا بھی ساتھ چپکا دیں اسکے بعد اس پتلہ پر منزل دم کرکے

حکم لگائیں پھر سورالکوثر اکیس بار پڑھیں اور حکم لگائیں پھر آخر میں سورۂ زلزال اس ترتیب سے پڑھیں کے ھر آیت کے بعد یا حفیظ یا قادر یاجبار گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنے کے بعد دم کرین سارے کام مکمل کرنے کے بعد لال کپڑے میں لپیٹ کر دریا نہر کے کنارے دھوپ والی جگہ پر دفن کردیا جائے

ہر قسم کی بندش کو ختم کرنے کا عمل

یہ عمل ھر قسم کی بندش یعنی ۔ نکاح ۔ شادی ۔ اولاد ۔ رزق روزی نوکری کی بندش خواہ کسی بھی قسم کی بندش ھو صرف گیارہ دن یہ عمل کریں پرانی سے پرانی مضبوط سے مضبوط بندش بلکل سوفیصد ختم ھوجاتی ہے عمل یہ ہے صبح کی نماز پڑھ کر پانی کی بوتل بھر کرسامنے رکھ لیں سورۂ یس شریف اس طرح پڑھیں کہ پہلی مبین پڑھ کراکتالیس بار سورۂ قریش پڑھ کر پانی کی بوتل پر پھونک ماریں آگے پڑھناشروع کریں دوسری مبین پڑھ کر اکتالیس بار سورۂ قریش پڑھیں اور پانی کی بوتل میں پھونک ماریں اسی طرح ھر مبین پر ٹھہرنا ھے اور اکتالیس بار سورۂ قریش پڑھنی ھے اور ہر دفعہ پانی کی بوتل پر پھونک ماریں اول آخر تین بار نماز والا درود شریف پڑھیں مریض سارادن پانی پیتا رھے رات کو ختم ھو جائے دوسرے دن نیا پانی لیں ھر روز نئے پانی پردم کریں گیارہ دن میں ھرطرح کی بندش گارنٹی سے ختم ھوجائے گی صدق دل سے کریں مجرب ترین عمل ھے۔جناب ناصر صاحب

انڈے سے نظر بد اتارنے کا عمل

اگر کوئی بچہ نظر بد کا شکار ہو تو ایک انڈے پرایک مرتبہ آیت الکرسی اور چارو قل پڑھ کر دم کرکے بچے کے اوپر سے اکیس دفعہ وار کر کسی ویرانے میں انڈہ توڑ دیں اسی طرح لال سرخ مرچ پر بھی یہی عمل کر کے بچے کے اوپر سے اکیس مرتبہ وار کر اس کو جلا دیں انشاءاللہ نظر بد کا خاتمہ ہو جائے گا

نظر بد سے بچنے کیلئے مجرب نقش

تحفہ نظربد سے بچنے کے مجرب ترین تعویذ ہے ساتھی استعمال کریں اور فائدہ کا نظارہ کریں۔ مفتی جاوید اختر قاسمی

بال گھنے اور خوب صورت ہوں

روغن بادام خالص لے کر اس پر سورہ یاسین ایک مرتبہ سورہ رحمٰن ایک مرتبہ چاروں قل شریف ایک مرتبہ ۔اور ایک سو ایک مرتبہ دورد شریف پڑھ کر تیل پر دم کرلے نہانے کے بعد روغن بادام بالوں میں لگائیں انشاءاللہ بال گرنا بندھ ہو جائینگے اور گھنے خوبصورت ہوں گے

محمد عمران بڑودہ گجرات

شراب نوشی وزناکاری جیسی تمام تر بری عادات سے چھٹکارہ

عمل سے قبل اجازت لازم ہے ورنہ سخت رجعت کا اندیشہ ہے پھر نا کہنا کہ ہم پر فلاں بیماری مسلط ہوگئی عمل گیارہ بار درود ابراہیمی بسم اللہ الرحمن الرحیم سورہ فاتحہ پڑھیں جب ایاک نعبد و ایاک نستعین احدنا الصراط المستقیم پر پہنچیں تو یہ دونوں آیتیں تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں پھر سورہ مؤمنون آیات افحسبتم.... الخ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں اور پھر سورہ مکمل کریں پھر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں اور وقفہ وقفہ سے پانی چینی اور نمک پر دم کرنا ہے پھر اس کو کھلائیں پلائیں ان شاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر تمام تر بری عادات و اطوار چھوٹ جائیں گےان شاء اللہ العزیز مفتی جاوید اختر قاسمی

ہر بُری عادت کی اصلاح

یہ سورہ مائدۃ کی تین آیات ہیں جو شخص شراب نوشی جوئے یا سود خوری اور زنا کاری جھوٹ بولنے چغل خوری وغیرہ کے گناہ میں مبتلا ہو تو جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد آپ مندرجہ ذیل آیات کسی پیالے پر یا شیشے کی پلیٹ پر یا کاغذ پر لکھے۔ پھران کو بارش کے پانی سے دھو کراوران ہی مندرجہ ذیل آیات کو ستر مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر بحالت وضو اُس پانی کے ساتھ گیہوں کا آٹا گوندھ کر روٹی پکائے پھر روٹی پکا کر جس شخص کی اصلاح کا ارادہ ہو ہفتے کے روز خالی پیٹ اُس کو کھلائے اور متواتر تین دن تک یا پانچ دن تک یا اُس سے زیادہ دن تک کھلاتا رہے اور تین جمعے تک یہ عمل کرئے تو اللہ تعالی کے حکم سے اُسکے دل سے زنا وغیرہ گناہ کی محبت ختم ہو جائے گی۔ یہ عمل خواص قرآن حکیم سے ہے آیات مبارکہ یہ ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ (90) إِنَّمَا يُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَنْ يُوقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ

ذِكْرِ اللهِ وَعَنِ الصَّلَاةِ فَهَلْ أَنْتُم مُّنتَهُونَ (91) وَأَطِيعُوا اللهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَاحْذَرُوا فَإِن تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوا أَنَّمَا عَلَىٰ رَسُولِنَا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ (92) المائدة: 90 تا 92

زکوۃ سورۃ الکوثر گرہن کا عمل

اپنے علاقوں میں موسم سورج طلوع کا وقت دیکھ کر محکمہ موسمیات کے بتائے کے گرہن کے اوقات دیکھ کر پہلے دو رکعت نماز توبہ پڑھ کر اپنا صدقہ دے کر عمل شروع کریں عمل گرہن کے وقت میں شروع ہوگا اور ختم جس وقت بھی ہو تمام شرائط کے ساتھ الگ کمرے میں خوشبو لگا کر عمل رنا ہے سورۃ الکوثر ستائیس سو اکتالیس مرتبہ پڑھیں اس کے بعد آپ عامل ہو جائیں گے اس سے آپ ہر قسم کے کام لے سکتے ہیں رزق پیار محبت تسخیر دولت تسخیر خلق ہر خیر کے علاوہ نا جائز زنا باندھنا دشمن کی دشمنی باندھنا اپنی سوچ کے مطابق دنیا کا ہر کام لیا جاسکتا ہے چار سال تک کیلئے یہ زکوۃ کام کرے گی مداومت اکتالیس یا ایک سو انیتس مرتبہ روزآنہ کی رکھا جائے تو بہت فوائد دیکھنے کو ملیں گے۔ڈاکٹر عبد الرؤف نقشبندی

ایک ہی رات میں جادو کو واپس کرنے کا چہل کاف کا عمل

یہ صرف وہ عاملین کریں جنہوں نے چہل کاف کی بڑے درجے کی زکوۃ نکالی ہو۔ سوا کلو بکرے کا گوشت یا بغیر ہڈی کا بڑا گوشت سوا کلو مکس مٹھائی برفی گلاب جامن اور چم چم تین طرح کے علاوہ کوئی نہ ہو کسی پرانے قبرستان میں پرانی قبروں کے درمیان بیٹھ کر عمل کرنا ہے پہلے اپنا حصار کر لیں پھر بیٹھ کر سامنے دائیں طرف گوشت اور بائیں طرف مٹھائی رکھیں تین سو تیرہ مرتبہ چہل کاف پڑھ کر اپنا مقصد بیان کریں یعنی پیغام اس طرح لگائیں السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔ فلاں بن/بنت فلاں جو کہ فلاں جگہ رہتا/رہتی ہے اس پر موجود سحر و جادو کو کروانے والے پر پلٹ دیں اس کام کے لیے گوشت اور مٹھائی کا

ھدیہ قبول کریں جزاک اللہ پھر گوشت اور مٹھائی پر دم کردیں اول و آخر گیارہ بار درود تنجینا پڑھنا ہے اور پھر پیچھے مڑ کر نہیں دیکھنا، وہیں رکھ آنا ہے جہاں بیٹھ کر پڑھا تھا وہاں سے تھوڑی سی مٹی لے کر مریض کو دینی ہے اگر کروانے والے کا یقین ہے تو اس کے بستر پر ڈال دیں یا ایسی جگہ جہاں سے اس کا پاؤں پڑ جائے اگر نہیں پتہ تو مریض قبلہ رو ہو کر اس مٹی کو زور سے پھینک دے اس نیت سے کہ کروانے والے کی طرف جائے۔ یہ عمل مہینے کے آخر منگل یا ہفتہ کو کرنا سب سے بہتر ہے ورنہ آخر منگل سے پہلے والے منگل یا ہفتہ کو یکم تا چودہ تاریخ تک نہ کیا جائے۔جناب ابتسام صاحب

داڑھ کے درد کے لیے میرا مجرب عمل

اگر کسی انسان کے داڑھ میں یا دانت میں درد ہو اور کسی طرح افاقہ نہ آئے تو مریض کو دانت پکڑا کر ایک مرتبہ درود پاک اور گیارہ مرتبہ یہ پڑھ کر

اَیُّھَا الضِّرْسُ الْمَضْرُوْسُ اُسْکُنْ بِقُدْرَۃِ الْمَلِکِ الْقُدُّوْس

درد والی جگہ پر دم کر دے اور مریض کو تھوکنے کا بولیں اس طرح تین دم کریں اور تینوں مرتبہ تھوکے ان شاءاللہ درد دفع ہوگا

زین العابدین رضوی

سرکش جنات و شیطان کو دور کرنے کا انتہائی مجرب عمل

اکہتر مرتبہ آیت الکرسی اور سات مرتبہ سورہ حشر کی آخری تین آیات اول آخر گیارہ مرتبہ درودشریف پڑھ کر مریض کے کانوں میں اور تیل پر دم کردیں تیل سے رات کو مالش کریں اور صبح غسل کرلیں اسی طرح سات دن تک دم کردیں تو زیادہ مفید ہے۔

نعمت اللہ قاسمی انڈیا

عبرانی اسماء عصاء موسیٰ علیہ السّلام

اسکی زکوت نکالنے کا طریقہ مختلف ہیں آسان طریقہ یہ ہیں رمضان میں گیارہ دن تک اکتالیس بار اس دعاِ کو پڑھا جائے اس سے سال بھر کی زکوت نکل جاتی ہیں اور ساتھ میں سحر جادو جنات وغیرہ سے بھی حفاظت رہتی ہیں یہ میرا اپنا طریقہ ہیں ہر ساتھی لازمی اس عمل کو کریں اور فائدہ اٹھائیں اس ناچیز کو دعاِ میں یاد رکھیں نظر بد جادو آسیب اور ہر قسم کی بیماری کو زائل کرنے کیلئے ان اسماء مبارک کو سفید کاغذ پر زعفران سے جمعہ مبارک کے دن لکھ کر گلے میں ڈالیں ان شاءاللہ تمام جملہ امراض میں شفاء ہوگی

﴿فَیُوْخٍ فَادِخٍ قَیُّوْمٍ قَادِرٍ شَلُوْخٍ
شَالِخٍ دَیْمُوْمٍ صَالِحٍ نُوْرٍ صَادِقٍ
اَرْشَخٍ شَلُیُوْخٍ شَالِخٍ نَارٍ مَتُوْخٍ
یَادِخٍ شَامِخٍ عَظِیْمٍ رَحْمًا قَادِرٍ
نُوْخٍ کَلُوْشٍ اَوٍ یَایُوْہٍ شَاہٍ شَلُوْحٍ
رَهْدَخٍ شَرَاهِیًا شَرُوْشٍ شُوْحٍ
عَالٍ عَلِیٍّ قَوِیٍّ نَادَی کَبِیْرًا﴾

چلہ عمل کبیر سورۃ المزمل شریف

ہلا چلہ اکتالیس دن تک اکیس باردوسرا چلہ اکتالیس دن تک اکتالیس بار تیسرا چلہ اکا سی مرتبہ اکتالیس دن تک چوتھا چلہ ایک سو گیارہ مرتبہ اکتالیس دن تک پڑھنا ہے نــوٹ اس چلے میں عمل کی ترتیب یہ ہے کہ پہلا چلہ مکمل ہوتے ہی اگلے دن سے دوسرا پھر تیسرا پھر چوتھا چلہ شروع کر کے مکمل کردینا ہیں اور پھر زندگی بھر کیلئے گیارہ مرتبہ کا معمول بنالیں آغاز نوچندی جمعرات سے کریں غنا، تونگری اور کشائش رزق اور خصوصاً روحانی علاج معالجہ کیلئے نہایت مجرب ہے تمام شرائط و پابندی ضروری ہے۔روحانی معالج عبید

عمل سیف زبان

بعض بزرگوں کی سیف زبانی کے متعلق مشہور ہے کہ جو زبان سے کہدیا وہ ہو گیا جس پر پھونک مار دی بھلا چنگا ہوگیا یہ بات حقیقت میں مشکل نہیں خدا کے کلام میں سب کچھ ہےایک عمل سیف زبان لکھتا ہوں جن اصحاب میں ہمت ہو خدا کا نام لیکر کامل اعتقاد سے اس کو کرے پھر معلوم ہو جائے گا کہ خدا کے پاک کلام میں کیا کیا بھرا پڑا ہے اب ایک مربع تحریر کرتا ہوں اس مربع کو یک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ یعنی سوا لاکھ لکھو روزآنہ کی کوئی خاص تعداد مقرر نہیں مگر جس قدر جلد ختم کر سکو بہتر ہے روزآنہ جس قدر لکھو اس کو آٹے کی ٹولیاں بنا کر ایسے پانی میں ڈالیں جہاں مچھلیاں ہو کوئی خاص وقت تحریر کرنے کا نہیں شروع چاند میں لکھنا شروع کرو لکھنے کے واسطے قلم نیا ہو اور زعفران سے لکھا کرو لکھتے وقت باوضو روبہ قبلہ ہو کر لکھا کرو عمل کے دوران میں حتی الو سع شریعت کی پابندی کرو اور اپنی زندگی شریعت کے مطابق بناؤ حرام اشیاء اور جھوٹ بولنے سے پرہیز کرو گولیاں کئی کئی دن کی ایک ساتھ بھی ڈال سکتے ہو اور یہ بھی ضروری نہیں کہ روز گولیاں بنایا کریں پر بہتر ہے کہ روزآنہ ولیاں بناکر روزآنہ پانی میں ڈال دیا کریں جس پانی میں مچھلی نہ ہو اس میں گولیاں نہ ڈالیں

۷۸۶

۴ / ۱۰۸۹	۱۴ / ۱۱۰۰	۱۵ / ۱۱۰۱	۱ / ۱۰۸۶
۵ / ۱۰۹۱	۱۱ / ۱۰۹۷	۱۰ / ۱۰۹۶	۸ / ۱۰۹۴
۹ / ۱۰۹۵	۷ / ۱۰۹۳	۶ / ۱۰۹۲	۱۲ / ۱۰۹۸
۱۶ / ۱۱۰۲	۲ / ۱۰۸۷	۳ / ۱۰۸۸	۱۳ / ۱۰۹۹

اب تم ایک لاکھ پچیس ہزار نقش لکھ کر گولیاں بنا کر پانی میں ڈال چکے جس دن تم نے یہ تعداد ختم کی اسی دن سے نماز عشاء کے بعد روزآنہ چار ہزار تین سو ستھتر مرتبہ یہ آیت شریف پڑھا کرو

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

یہ عمل پورے چالیس یوم کرنا ہے جب چالیس دن تم ختم کر چکے تو اس آیت شریف کے تم عامل ہو چکے عمل قابو میں رکھنے کیلئے روزآنہ سات مرتبہ پڑھ لیا کریں مربع بھرنے میں چال کا خیال رکھیں اب کسی نے اس قدر محنت کی اور اپنی جان کو مہینوں تک گھلا دیا تو اس کا نتیجہ کیا ہوگا صحیح نتیجہ تو اس کو معلوم ہو گا جو اس عمل کا عامل بنے گا خدا کے پاک کلام کے اسرار کوئی بیان نہیں کر سکتا مگر نمونہ کے طریق پر چند فوائد بیان کرتا ہوں سوائے قضاء کے ہر مرض کا شرطیہ علاج ہے جس مریض پر صرف سات مرتبہ پڑھ کر دم کریگا اس کو بے دوا کے فوراً آرام ہوگا مہینوں مرض دنوں میں اور دنوں کا گھنٹوں میں جائے گا عامل کو سانپ بچھو زہریلے جانوروں کے کاٹنے کا کوئی اثر نہ ہوگا شیر بھیڑیا اور پھاڑنے والے جانور جب اس کے سامنے آئیں گے تو گردن ڈال دیں گے اور اسکی اطاعت کرینگے کوئی دشمن اس کا مقابلہ نہ کریگا نہ کوئی نقصان پہنچائے گا تیر تلوار بندوق کا کوئی اثر اس کی ذات پر نہ ہوگا اس کا چہرہ آفتاب کی طرح چمکے گا اور ہر شخص قدرومنزلت کریگا دنیا اس کا حکم مانے گی اور اس کی زندگی نہ صرف بادشاہوں جیسی ہو گی بلکہ اولیاء اللہ کی سی زندگی بسر کریگا یہ صرف نمونہ ہے ان فوائد کا جو اس عمل کے عامل کو پہونچیں گے باقی خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ وہ اس پر محنت کرنے والے کو کیا عطا فرمادے۔ کاش البرنی

حب کا پنکھے والا عمل

جس عورت یا مرد کے ناجائز تعلقات ہوں اس کیلئے بزرگوں کا دیا ہوا ایک تعویذ ہے جو بہت کمال کا ہے آپ اس عورت یا مرد کو دیں جس کمرے میں میاں بیوی ہمبستری کرتے ہیں اس میں جو پنکھا لگا ہو اسکے اوپر گول والے ڈھکن میں لگا دے اور ہمبستری کرے ایک بار ملنے کے بعد ان شاء اللہ جو عورت یا مرد ناجائز تعلقات تھے پوری زندگی کسی اور کی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھے گا تعویذ کو زعفران سے لکھیں۔مولانا خالد محمود صاحب

یحبونهم کحب الله یا غفار	والذین آمنوا اشد حبا لله یا کریم	والقیت علیك محبة منی یا کریم	انه لحب الخیر لشدید یا [illegible]
انه لحب الخیر لشدید [illegible]	والقیت علیك محبة منی یا کریم	والذین آمنوا اشد حبا لله یا رحیم	یحبونهم کحب الله یا لطیف
والذین آمنوا اشد حبا لله یا لطیف	یحبونهم کحب الله یا رحمن	انه لحب الخیر لشدید یا رحیم	والقیت علیك محبة منی یا رحمن
والقیت علیك محبة منی یا رحمن	انه لحب الخیر لشدید یا [illegible]	یحبونهم کحب الله یا [illegible]	والذین آمنوا اشد حبا لله یا رحیم

علی اللہ قصد السبیل

العجل العجل الساعۃ الساعۃ

بحق [illegible] و بحرمت [illegible] نقش

حب کا تڑپا دینے والا عمل

یہ حب کا بہترین عمل ہے دنوں میں نہیں گھنٹوں میں کام کرتا ہے اور محبوب کو بیقرار کر کے منٹوں میں حاضر کرتا ہے ناجائز ہر گز ہر گز استعمال نہ کریں محبوب شدید مشکل کا شکار ہو جائے گاایک ہانڈی لینی ہے اور پانی بھر لیں اس کے اوپر اس عمل کو ستر بار پڑھ کر دم کریں پھر ڈھکن کو آٹا لگا کر بند کر دینا ہے اور ہلکی آنچ پر رکھ دیں جیسے جیسے پانی خشک ہوتا جائے گا مطلوب طالب کے پاس حاضر ہو جائے گا چوبیس گھنٹے سے پہلے پہلے پانی خشک ہو گا اور پانی خشک ہونے سے پہلے بندے کا کام ہو چکا ہوگا۔مولانا خالد محمود صاحب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ طَسُوْمٌ طَسُوْمٌ عَسُوْمٌ
عَسُوْمٌ عَلُوْمٌ عَلُوْمٌ كَلُوْمٌ حَمُوْمٌ حَمُوْمٌ قَيُوْمٌ
قَيُوْمٌ دَيُوْمٌ دَيُوْمٌ سُبْحَانَ مَنْ بِذِكْرِهٖ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ
اِطْمَئِنْ يَاقَلْبَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةَ كَمَا اَصْلَحْتَ بِمَنْ
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْصَارِهٖ
اَللّٰهُمَّ يَامَنْ اَدْخَلَ مَحَبَّةَ يُوْسُفَ فِىْ قَلْبِ زَلِيْخَا
وَيَامَنْ اَدْخَلَ مَحَبَّةَ مُوْسٰى فِىْ قَلْبِ آسِيَةَ بِنْتِ
مُزَاحِمْ اَدْخِلْ مَحَبَّةَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةَ فِىْ قَلْبِ فُلَانَةَ
بِنْتِ فُلَانَةَ اَللّٰهُمَّ يَامَنْ اَدْخَلَ مَحَبَّةَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ قَلْبِ خَدِيْجَةَ بِنْتِ خُوَيْلَةَ
فِىْ قَلْبِ عَائِشَةَ بِنْتِ اَبُوْبَكْرٍ اَدْخِلْ مَحَبَّةَ فُلَانِ
ابْنِ فُلَانَةَ فِىْ قَلْبِ فُلَانَةَ بِنْتِ فُلَانَةَ كَمَا اَدْخَلْتَ
اللَّيْلَ فِى النَّهَارَ فِى اللَّيْلِ وَالذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى لَوْ اَنْفَقْتَ
مَافِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَا اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا
بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

رمضان کی طاق راتوں کا عمل

یہ عمل ماہِ رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے کسی بھی
ت میں کیا جاسکتا ہے عمل کے فوائدِاعمال و تعویذات میں تاثیر پیدا ہوگی ظالم و
حاسد ذلیل و خوار ہونگے تسخیرِخاص و عام حاصل ہوگی رزق میں فراوانی ہوگی
زندگی پر امن اور خوشحال ہوگی مصائب و آلام اور پریشانیوں سے چھٹکارا
حاصل ہوگا عمل کا طریقہ سو عدد اگر بتیاں اور سر سوں کے تیل کی بوتل
سامنے رکھ کراول وآخر گیارہ مرتبہ درود ابراھیمی اور درمیان میں پانچ سو تیرہ
بار سورۂ قریش پڑھ کرشھادت کی انگلی پہ دم کریں اور جو مقصد اور
مطلب ہو ذہن میں رکھتے ہوئے سر پر انگلی پھیردیں ان شاءاللہ عمل میں
کامیابی ہوگی مستورات بھی یہ عمل کرسکتی ہیں مگر ان کے لئے عمل کی تعداد
ستر بار ہےاگر بتیاں عاملین اپنے مریضوں کو استعال کرواسکتے ہیں یا خود
گھر میں بھی استعال کر سکتے ہیں تیل کی بھی یہی ترتیب ھے ۔صوفی ساجد
الرحمن ملازئی

عید کی چاند رات کا ایک سال کے حصار کا عمل

یہ بہت ہی زبردست اور نایاب عمل ہے پڑھنے والے کا پورے سال حصار ہو
اسکے گھر و اہل خانہ کا حصار ہو جیسا کہ آپ نے اس کو عید کا چاند دیکھ کر پڑھا
تو اگلے سال چاند رات تک ان شاء اللہ کوئی مصیبت رزق کی تنگی پریشانی
حادثات مصائب سے اللہ تعالی حفاظت فرمائیں گے اور مکمل طور پر آپ کو اور آپ
کے گھر والوں کو ہر قسم کے مصائب و حادثات و آفات و بیماریوں سے اللہ تعالی
حصار کریں گے اور ہر قسم کے جادو جنّات کے شر سے پڑھنے والے کی
حفاظت ہوگی عمل یہ ہے کہ رمضان کی آخری رات کو جب چاند دکھ جائے تو
آپ تین مرتبہ سورۃ الملک پڑھیں ان شاء اللہ پورے سال کا حفاظتی حصار ہو
جائے گا۔صوفی ساجد الرحمن ملا زئی

زبان بندی کا تیز ترین اور مجرب ترین عمل

یوں تو زبان بندی کے اعمال بہت ہیں اور ہر عمل اپنی جگہ پر مضبوط ہے لیکن آج میں آپ کو زبان بندی کا ایک بہت ہی آسان اور تیز ترین عمل بتا رہا ہوں جو کرنے میں تو بلکل آسان ہے اور پہلے ہی دن سے کام شروع کردیتا ہے جہاں پرزبان بندی کا کوئ بھی عمل کام نہ کررہا ہو اور دشمن بدگوئ اور بدزبانی سے باز نہ آرہا ہو تو یہ عمل کریں ایسی زبان بند ہوگی کہ پھر کبھی آپ کے خلاف بات کر ہی نہ سکے گا روزانہ بوقت زوال بغیر درود شریف کے ایک سو ایک بار ۔ سورت طہٰ کی آیت نمبر ایک سو آٹھ

وخشعت الاصوات للرحمن فلا تسمع الا همسا

دشمن کی زبان بندی کی نیت سے پڑھیں اور آخر میں تین بار حکم لگائیں

بستم دهن وزبان وبد گوئ هر قسم فلاں بن فلاں فی حق فلاں بن فلاں بحق یاقابض یاقابض یاقابض

یہ عمل زیادہ سے زیادہ سات دن کریں اب یہ بندہ بھی آپ کے خلاف بدزبانی نہ کرے گا ۔جاوید اختر قاسمی نقشبندی

عداوت کا ایک زبردست عمل

اگر دوبندوں میں ناجائز تعلق ہوگیا ہو جس کا ختم کرنا شرعاً ضروری ہو یا کچھ بندے مل کر کسی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہوں اور ان میں انتشار ڈالنے کی ضرورت ہو تو یہ عمل کرو سوفیصد رزلٹ ملیگا عمل یہ ہے

البغض والعداوة والنفاق بغضاشدیدا دآئماابدا ۔ بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں ۔ بحق تبت یدا ابی لهب وتب ۔ البغض والعداوة والنفاق بغضا شدیدا دآئماابدا ۔ بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں ۔ بحق ماآ اغنی عنه ماله وما کسب ۔ البغض والعداوة والنفاق بغضا شدیدا ۔ بین فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں ۔بحق سیصلی نارا ذات لهب ۔ البغض والعداوة والنفاق بغضاشدیدادآئماابدا ۔ بین فلاں بن فلاں وفلاں بن

فلاں۔ بحق وامراته حمالة الحطب۔ البغض والعداوة والنفاق بغضاشدید
اداثماابدا۔ بین فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں۔ بحق فی جیدھاحبل من
مسد۔ البغض والعداوة والنفاق بغضاشدیداداًثماابدا۔ بین فلاں بن
فلاں وفلاں بن فلاں بحق۔ یاقہار۔ یاقہاریاقہار
یہ عداوت کا انتہائی سریع التاثیر اور مضبوط ترین عمل ہے اس جہاں عداوت کا
کوئی عمل کام نہ کرے وہاں استعمال میں لائیں اور اپنی مرضی کا رزلٹ حاصل
کریں۔ طریقہ استعمال ہر ساتھی اپنے اپنے علم اور تجربہ کے مطابق استعمال کریں
۔ قاری محمد سلیم عثمانی

محبت کا کرشماتی عمل

کسی بھی جائز محبت میں کام آنے والا حب کا ایک کرشماتی عمل پیش خدمت ہے
جو انتہائی پاور فل اور شاہکار عمل ہے اگراس عمل کوبتلائے ہوئے طریقہ کے
مطابق اورجائزمحبت میں کیاجائے تومطلوب طالب کی محبت میں بلکل مست اوردیوانہ
ہوجاتاہے اور بغیرطالب کے ایک پل بھی نہیں گزارسکتا نہ رات کوچین نہ دن
کوآرام پائے جب تک طالب کونہ دیکھے عمل یہ ہے۔ ایک مٹی کاپتلا بشکل
محبوب بنائیں پتلابناتے ہوئےطالب کالعاب اس میں شامل کریں۔ تین عدد
لوہے والے کل آدمی انچی لیں سب سے پہلےایک کل پر گیارہ سو بار قرآن مجید کی
آیت ۔
والقیت علیک محبة منی ولتصنع علی عینی
پڑھ کرایک کل پردم کریں۔ پھر دوسرے کل پر گیارہ سو باریہ عبارت پڑھ کردم
کریں
قدشغفھاحبایاودود
اس کےبعد تیسرے کل پر گیارہ سو بارقرآن مجید کی آیت
وانہ لحب الخیرلشدید
پڑھ کردم کریں پھران کلوں کو خوب گرم کریں حتی کہ سرخ ہوجائیں پھرطالب

اپنے لعاب سے ٹھنڈا کریں اس کے بعد ایک کل پتلے میں دل والی جگہ چھوتے ہوئے یہ کہے کہ فلاں بن فلاں سوائے فلاں بن فلاں کے کسی اور کا نہ سوچے ۔دوسرا کل منہ میں چھوتے ہوئے یہ کلمات کہیں کہ فلاں بن فلاں سوائے فلاں بن فلاں کے کچھ بھی نہ بولے ۔ اور تیسرا کل دائیں آنکھ میں چھوتے ہوئے یہ کلمات کہیں کہ فلاں بن فلاں سو ائے فلاں بن فلاں کے کسی اور کو نہ دیکھے ۔ اب یہ پتلا طالب کو دیں وہ رات کو اپنے بستر پر اپنے پاس رکھے صبح کی نماز کے بعد یہ پتلا کسی پھل دار درخت کے نیچے دفن کر دیں ۔ عمل مکمل اب کرشمہ دیکھیں کہ محبوب لوہے کے کوٹ میں کیوں نہ بند ہو جب تک طالب کو نہ ملے ایسے تڑپے جیسے مچھلی بغیر پانی کے تڑپتی ہے بارہا کا آزمودہ حب کا لوہے توڑ مجرب ترین عمل ہے ۔ یہ عمل کسی بھی مہینے میں شرف قمر میں کریں ۔ منجانب قاری محمد سلیم عثمانی

جادو کرنے کرانے والے کے متعلق معلومات حاصل کرنے واسطے

یہ معلوم کرنے کے لئے کہ کون جادو کر رہا ہے اور کونسا رشتہ دار ملوث ہے اور چھوٹے اور کمزور جادوگر کو سلب کرنے کا عمل ...باذن اللہ تعالیٰ درود ابراہیمی گیارہ بار سورہ الزلزال گیارہ بار درود ابراہیمی گیارہ بار اس کے بعد تینتیس بار سورہ توبہ کی آخری دو آیات ..یہ سارا عمل رات کو سونے سے پہلے پڑھیں . کمزور مریض حضرات ناں پڑھیں .سورہ الزلزال گیارہ بار سے زیادہ نہیں پڑھنی ورنہ جادو کروانے والے کو ہارٹ اٹیک ہو سکتا ہے .یہ عمل نقصان پہچانے کی نیت سے ناں پڑھیں .خواب کے ذریعے اللہ تعالیٰ سارا معاملہ دیکھا دیں گے.تین سے گیارہ دن تک پڑھیں . صوفی خالد صاحب کا عمل ہے

قوت حافظہ اور علم کی زیادتی کے لیے

اخروٹ لاؤروزآنہ صبح و شام ایک اخروٹ پھوڑ کر اسکی گیری پر یا علیم ایک سو پچاس مرتبہ دم کرکے کھایا جائےاور اسکے ساتھ ہی ہر نماز کے بعد ایک سو پچاس مرتبہ یا علیم پڑھے تو زیادہ مفید ہےاول آخر درو د شریف پڑھ کم از لم تین تین مرتبہ سات سات یا گیارہ گیارہ مرتبہ اول آخر درود شریف پڑھنا بہتر ہے یہ عمل علم بڑھانے کے لئے ہے

اسکے ساتھ میں ایک عمل اور کر سکتے ہیں علم زیادہ ہوگا تو جوابات درست ہونگے نمبر امتیازی آئینگے

الھم رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي ﴿٢٥﴾ * وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي ﴿٢٦﴾ * وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي ﴿٢٧﴾ * يَفْقَهُوا قَوْلِي

سورۃ طہ پانی پر دم کر کے پیا جائےسو مرتبہ بہتر ہوگی اگر سو مرتبہ پڑھنا نہیں ہوسکتے تو اکتالیس مرتبہ روزآنہ پڑھے اور پانی پر دم کرکے پیا جا ئےاول آخر درود شریف پڑھیں وقت فجر یا مغرب بہتر ہوگا

درد کسی جگہ بھی ہو ختم کرنا عمل گرہن

گرھن مین ایک لفظ فرعونک (ف ر ع و ن ک) اس طرح گرھن مین تین سو تیرہ مرتبہ لکھ کر کسی اندھیری جگہ مین اس کاغذ کو دفن کردین اب اپ ایک سال کیلئے اس کی عامل ھوگیی جب کسی کو کسی جگہ بھی درد ھو تو درد والی جگہ ہاتھ رکھوائے اور اوپر والی لفظ الگ الگ کر لکھین اور اس کو کھین دیکھو درد ہے پہلے حرف کو کاٹ دیں اور اسی طرح پینسل سے یا پین سے حرف کاٹتے جائیں اور پوچھتے جائیں درد ختم ھوگا

گم شدہ اشیاء کے لئے

آسمان کی طرف نگاہ اٹھا کر وانہ علی رجعہ لقادر پڑھ کر اسمان کی طرف پھونک مارے اسکے بعد انا للہ وانا الیہ رجعون گیارہ مرتبہ یا جتنا ہو سکے زیادہ پڑھے اسکے بعد یا حفظ ایک سو انیس مرتبہ اور بعد العشاء سورہ لقمان کی آیت

یابنی انہا ان تک مثقال حبۃ۔ الخ

تین سو تیرہ مرتبہ پڑھے اسکے بعد یا حفظ ایک سو انیس مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف پڑھیں

اولاد سے محروم افراد کیلئے شرطیہ عمل

عرق بادیان عرق گلاب پر سورۃ یوسف سات بار پڑھ کر دم کرے سورۃ الفلق سورۃ الناس سو بار پڑھ کر دم کرے اس عورت کو پلا دے جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو چاہے بندش کی وجہ سے ہو چاہے جسمانی امراض سے ان شاءاللہ اس عمل کی برکت سے اللہ اولاد سے نواز دے گا

طریقہ استعمال

عرق بادیان اور عرق گلاب کو ملا کر دم کرے پھر آدھا کپ صبح نہار منہ اور آدھا کپ رات سوتے وقت عورت کو استعمال کروائیں یاد رہے یہ عمل صرف ماہواری کے وقت استعمال کروائیں جتنے دن ماہواری ہو اتنے دن استعمال کروائیں ان شاءاللہ پہلے مہینے ہی حمل ہو جائے گا یا دوسرے ماہ ہوگا ان شاءاللہ تجربہ شدہ عمل ہے مفتی محمد سلیم اللہ

بکرے کی نال کا محبت، عداوت، زبان بندی کا عمل

سب سے پہلے بکرے کا نلی یعنی جس میں سراخ ہو اسکو بازار سے کافی مقدار میں دستیاب کر لیں تاکہ آگے بھی کام آسکے اور اسکو دھوپ میں ۲۰ دن ایک ماہ سوکھنے کیلیۓ ڈال دیں تاکہ اسکی بدبو وغیرہ ختم ہو جائے سورہ لہب بغیر زیر زبر کا تین کاغذ پر لکھو اور تینوں کا غذ پر حکم لگا دو جو بھی حکم لگانا ہو محبت عداوت زبان بندی شراب بندی زنابندی نکاح بندی جس کام کیلیۓ ہو اس کا حکم لگا دو اور دو تعویذ کو کالے دھاگے سے لپیٹ لو اور اس نل میں گھسا دو تیسرا تعویذ نلی کے اوپر رکھ کر کالے دھاگے سے باندھ دو اور قبرستان چلے جاؤ عورت کا کام ہوگا تو عورت کا قبر مرد کا کام ہوگا تو مرد کا قبر منتخب کرو اور سرہانے کی طرف دفن کر دو اور وہاں حکم لگا دو اور وہاں سے چل دو پیچھے پلٹ کر نہ دیکھو

بس ۲۲ گھنٹہ کا انتظار کرو کام ہو جائے گا میرا مُجرب ہے کسی کتاب میں نہیں مل سکتا۔وکیل احمد

مجرب ٹوٹکہ ہچکی والٹی کے واسطے

دوستو آج دو ٹوٹکہ ٹائپ اور ایک نشر مکرر عمل کے ساتھ حاضر ہوں یہ ٹوٹکے در اصل ایک طبّی گروپ میں شئیر کیے تھے۔چونکہ یہ عاملین کے بھی کام کی چیز ہیں سو آپ کی خدمت میں بھی پیش کر رہا ہوں۔

ہچکی کتنی ہی پرانی۔شدید یا ڈھیٹ قسم کی ہو۔اپنی شہادت کی انگلیوں سے مریض کے دونوں کانوں کو تیس سیکنڈ کے لیے بند کر دیں۔دکھاوے کے لیے کچھ پڑھ کر پھونک دیں۔بس ہچکی ختم۔اور دوبارہ نہیں ہو گی۔

الٹی اور قے رد کنے کے لیے سورہ طارق کی آخری دو آیات کسی ٹپکی۔گولی۔ پانی سادہ وغیرہ پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دیں۔بس الٹی ختم

ڈاکٹر طلعت محمود

عمل حب تیز جناتی

مقطشً مقطشً فیطشً فیطشً قسطولشً قسطولش قبطوشً قبطوشً بهلیاهیشً بهلیاهیشً هلوشً هلوشً مفهوشً مفهوشً کمدشً کمدشً اجِبَ یا طِف ویا عبدالنار ویا میمونً الغمامی واخطفً قلب فلاں بن فلاں (محبوب کا نام) الی محبتہ فلاں بن فلاں (طالب کا نام) لا یهناً لها دوم لا فی الیلِ ولا فی دهار حتی یاتی الی فلاں بن فلاں (محبوب کا نام العجل العجل العجل الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا

یہ ایک نہایت تیز سفلی جناتی عمل ہے اگر کسی کا محبوب اسکی طرف دیکھنا گوارہ بھی نہ کرتا ہو تو اجازت لیکر اس کو ایک سفید کاغذ پر لکھ کر کسی پھلدار درخت پر لٹکا دیں جیسے جیسے ہوا سے یہ ہلے گا ویسے ویسے اس کے تیز اثرات کی وجہ سے محبوب کا دل بھی بیقرار ہو جائے گا چونکہ اس کے موکل جنات ہیں اس لئے اس عمل سے کام جلدی ہوجائے گا لیکن جس کاغذ پر یہ لکھا ہو اس پر عطر لگانا بھی ضروری ہوگا

مفتی جاوید اختر قاسمی

جادو، جنات ہر قسم کی بندش سے خلاصی کا زبردست عمل

میرا مجرب عمل ہے آپ آزما کر دیکھ لیں جگہ اور بندش کیلیے یا قہار اٹھارہ سو چھتیس مرتبہ یا ممیت سات ہزار مرتبہ معوذتین سات سو مرتبہ پانی تیل نمک مرچ پر دم کریں یا کچھ افراد مل کر دم کر سکتے ہیں دوران عمل گفتگو نا کریں پانی سے پکی جگہ غسل کریں دیواروں پر چھڑکاو کریں پینے میں استعمال کریں تیل سوتے وقت مکمل جسم پر لگائے صبح غسل کریں نمک مرچ کھانے پینے مین استعمال کریں ان چیز وں کو ختم نا ہونے دیں۔ مفتی جاوید اختر قاسمی

حب کا ایک ایسا شاہکار عمل

لوازمات طالب اور مطلوب دونوں کے پاؤں کی مٹی لیں نہ ملے تو دونو ں کے
گھروں کی مٹی یہ بھی نہ ہو تو انار کے درخت کی جڑ کی مٹی لیں طالب
مطلوب کے گھر کا پانی دونوں کا نہ ہو تو کسی ایک کے گھر یہ بھی نہ ملے تو
کسی چشمے یا بارش کا پانی لیں مٹی کو مکس کر لیں نئے چاند میں بروز بدھ جمعرات
جمعہ تین دن یہ دو آیات

وانہ لحب الخیر لشدید سورت انفال کی آیت نمبر ۶۳
والف بین قلوبھم ۔۔۔۔۔۔ انہ عزیز حکیم سورت العادیات

اور یہ عبارت ۔۔۔۔ دو جسم یک جان ہر گھڑی ہر آن بحکم رب رحمان
یہ آیات اور عبارت ہر ایک کو تین سو تیرہ بار پڑھ کر مٹی اور پانی پر دم کریں
مٹی روزانہ الٹ پلٹ کرتے رہیں جمعہ کے بعد جو سوموار آئے کسی اچھی
ساعت میں مٹی کو اسی پانی سے گوندھ لیں دو حصے کر کے ایک حصہ مرد اور
دوسرا حصہ عورت کا طے کر لیں مرد کا حصہ عورت سے کچھ زیادہ ہو مٹی کا
حصہ طے کر لینے کے بعد کچھ مٹی مرد والے حصے سے لیکر عورت والے حصے
میں اور عورت والی مٹی مرد والے حصے میں ملا دیں اور دوبارہ گوندھ کر یک
جان کر کے لیں اور دو پتلے بشکل طالب و مطلوب بنا لیں پھر ان پتلے پر دونوں
آیات و عبارت پچھلی ترتیب کے مطابق پڑھ کر دم کریں اب انہی دو آیات
کے اعداد نکال کر ہر ایک میں طالب و مطلوب کے نام مع والدہ کے اعداد جمع
کریں مربع نقش بنائیں سورت انفال والی آیت کے نیچے الحب میں مرد کا نام
اور سورت العادیات والی آیت میں الحب میں عورت کا نام لکھیں دونوں
تعویزوں میں آخر میں تین بار پچھلی عبارت لکھ کر تعویز کو لپیٹ کر دونوں پتلے
کے دل والی جگہ سے تھوڑی سی مٹی اکھاڑ کر سورت انفال والا نقش عورت
والے پتلے میں اور سورت العادیات والا نقش عورت والے عورت والے
پتلے میں سینے والی جگہ رکھ کر اسی مٹی سے بند کر دیں عورت والے پتلے

کو لال رنگ اور مردوالے پتلے کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر گلاب کے دوپھول درمیان میں رکھ کر دریا یا نھر کے کنارے گہرا گڑھا کھود کر دفن کردیں ۔ اب موت ھی ان دونوں کو جدا کرے گی یہ دیکھنے میں دو جسم حقیقت میں یک جان ھیں حب کا اتنا پاورفل عمل کا ملنا اگرنا ممکن نہیں تو مشکل ترین ضرور ھے فن کے ماہرین کے لئے بہت قیمتی تحفہ ہے جولاکھوں میں بھی ملنا محال ہے۔ مفتی جاوید اختر قاسمی

پتھری کا علاج

آجکل بہت سے امراض کی طرح پتھری کی شکایت بھی بہت عام ہو گئی ہے ڈاکٹروں کے پاس اس وقت بے شمار مریض آپ اسی مذکورہ بیماری کے دیکھیں گے الحمد اللہ یہ عمل پتھری کے مریضوں کیلئے نہایت ہی بہترین علاج ہے جس کے ذریعہ بہت جلدی پتھری پیشاب کے راستے باہر آ جاتی ہے اور آپریشن کی ضرورت نہیں پڑتی۔ایک تو یہی مذکورہ نقش کالے کپڑے میں کرکے گلے میں ڈالنا ہے اور اگر بارش کا پانی میسر ہو تو ۱۰۰ مرتبہ اس پانی پر سورہ الم نشرح پڑھ کے مریض کو صبح شام پلائیں ان شاء اللہ پتھری کی شکایت نہیں ہوگی جس شخص کو ایک مرتبہ ہو جائے تو وہ دو چیزوں سے پرہیز کرے ایک تو ٹماٹر نہ کھائے اور پالک کو بھی خدا حافظ کہہ دے نیز پانی کا استعمال کثرت سے کرے۔ مولانا حسن الهاشمی

واسمک القدوس الرحمن الرحیم

۷۹۵ ۷۹۰ ۷۹۰

جادو جنّات کیلئے

ابوجہل	فرعون	نمرود
شداد	شداد	ابلیس
ہامان	فرعون	قارون

مندرجہ بالاشیطانوں کے نام والا نقش جنات جادو والے مریض کو دیں اور اسکو بتائیں کے اس نقش کی پورے جسم پر پانچ منٹ مالش کر کے اکیس جوتے مار کر جلا دیں سخت سے سخت جنات جادو ختم ھو جائیں گے ان شاء اللہ
اور ساتھ میں مندرجہ ذیل نقش سورت المزمل کے اعداد کا نقش جنات جادو کے امراض کی کاٹ کے لیے ھے یہ تین عدد نقش لکھ لیں دو نقش دو دو دن پانی میں ڈال کر پلانا ھے اور ایک نقش تین دن پلانا ہے ان شآ اللہ مریض پر جتنے بھی سخت اثرات ہوں گے وہ سب ختم ہوجائیں گے میرے جیسے گناہ گار کو اپنی نیک دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں قاری محمد قاسم شاہ بخاری

۷۸۶

۲۱۵۶۹	۲۱۵۶۲	۲۱۵۶۷
۲۱۵۶۴	۲۱۵۶۶	۲۱۵۶۸
۲۱۵۶۵	۲۱۵۷۰	۲۱۵۶۳

اگر اچانک سانپ کاٹ لے تو

پریشان مت ہوں....اگر آپ ایسی جگہ موجود ہیں جہاں طبی امداد نا ممکن ھے اور آپ کو سانپ نے کاٹ لیا ھے تو پریشانی کی ضرورت نہیں فوری طور پر ڈنگ والی جگہ سے دو انچ اوپر پٹی یا رسی کس کہ باندھ لیں تا کہ زہر جسم میں نہ پھیلے اور کسی تیز چیز سے زخم کی جگہ پر چیرا لگائیں تا کہ خون نکلنا شروع ھو جائے اور آک کا پودہ تلاش کریں اسکا دو دھ زخم والی جگہ اور ناف پر لگائیں اور آک کے تازہ پتے یا اسکے پھول کھانا شروع کریں اور اس وقت تک کھائیں جب تک کڑوے نہ لگیں

ان شاءاللہ اسی وقت زہر کا اثر ختم ھونا شروع ھوجائے گا کیونکہ آک سانپ کے زہر کا (اینٹی) تریاق ھے .رفاع عامہ کے لئے شئیر کریں تا کہ جان بچائی جا سکے۔

بخار کی روئی

دو روئی کے ٹکڑے لے لیں پہلے ایک ٹکڑے پر سات بار درود شریف،سات بار سورۃ فاتحہ پڑھ کر داہنے کان میں لگا لیں،پھر دوسرے ٹکڑے پر پانچ بار سورۃ فاتحہ،سات بار درود شریف پڑھ کر بائیں کان میں لگا لیں۔

نوٹ۔۔چوبیس گھنٹے تک روئی نکلنی نہیں چاہیئے۔جب چوبیس گھنٹے ہو جائیں ؤ روئی بائیں والی دائیں میں دائیں والی بائیں کان میں لگا لیں۔پھر چوبیس گھنٹے بعد نکال دیں پرانے سے پرانے بخار کے لیے بے حد مفید و مجرب عمل ہے ۔اگر اللہ نے چاہا تو بخار پھر نہیں ہوگا

گرہن کا ایک آسان عمل حب

جو حضرات وخواتین وقت کی کمی کے باعث کسی مختصر عمل کی تلاش میں ہیں ان سے گزارش ہیکہ اس نقش کی زکات ادا کریں ۱۲۹بار یا ۱۰۸ بار گرہن کے دوران کسی بھی پین پوائنٹر پنسل سے لکھیں زعفرانی سیاہی سے لکھیں تو کیا ہی بات ہے گرہن کے بعد کوئی بھی تعداد مقرر کرکے روزانہ لکھتے جائیں اکاونٹ بھرتا جائیگاویسے تو زکات کے بغیر بھی یہ نقش محبت زوجین سمیت ہر طرح کی جائز صورت میں تیر بہدف ہے لیکن خاص الخاص گھریلو اتفاق وسکون کیلئے جو بھی استعمال کرے گا ان شاءاللہ دل خوش ہوجائیگا بعد از زکات جس جائز ترتیب سے دل چاہے استعمال کرسکتے ہیں یاد رہیکہ یہ سینکڑوں مرتبہ کا آزمودہ نقش ہے اور صرف و صرف قدرت و خداوندی نہ چاہے تو یہ اثر نہیں دکھاتا۔

نوٹ:کسی بھی عمل کی زکات کے بعد اس سے کام لینے کا بھی ایک معقول ترتیب وطریقہ ہوتا ہے اکثر ایک ہی بار نقش پلانے سے کام بن جاتا اور بعض جگہوں پر چاروں عناصر سے استعمال کرنا ہوتاہ کہیں پر بتی بناکر جلانا پڑتا اور کہیں وزن کے نیچے دبانا ہوتا وہ ہر کسی کی اپنی سوجھ بوجھ اور تجربے پر منحصر ہے کہ کب کیسے کہاں اور کتنے وقت تک علاج کو جاری رکھنا ہے کےاس نقش کی ایک خاص بات یہ ہیکہ کہیں پر اگر جادو ٹونے کی وجہ سے ناچاقی پیدا کی جاچکی ہوتو یہ اسکو بھی ختم کرکے محبت کیلئے ماحول سازگار بنادیتا ہےروزانہ لکھنے والے حضرات ۷۳. ۴۱. ۱۱ یا کوئی بھی مرضی کی تعداد مقرر کرکے لکھ سکتے ہیں یاد رہیکہ یہی نقش قضائے حاجت کیلئے بھی دے سکتے ہیں گھر دوکان وغیرہ میں لگوانے کیلئے بھی اسمیں اسماء اصحاب کہف بھی ہیں تو جو انکے فوائد ہیں وہ سارے فوائد بھی اس نقش سے ملینگے ان شاءاللہ باقی نقش کی چال اتشی ہے اور کمنٹ میں بھی بتادیتا ہوں۔ نقش لکھنے کے بعد اگربتی کی دھونی دیکر کسی دریا یا نہر میں بہادیں نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۲۸۶	۳۲۸۱	۳۲۸۸
۳۲۸۷	۳۲۸۵	۳۲۸۳
۳۲۸۲	۳۲۸۹	۳۲۸۴

گرہن میں ڈھایاکاعمل

اپنے علاقوں میں موسم سورج طلوع کاوقت دیکھ کر محکمہ موسمیات کے بتائے
گئے گرہن کے اوقات دیکھ کر پہلے دورکعت نماز توبہ پڑھ کر اپنا صدقہ
دے کرعمل شروع کریں عمل گرہن کے وقت میں شروع ہوگا اور ختم جس
وقت بھی ہو تمام شرائط کے ساتھ الگ کمرے میں خوشبو لگا کر عمل کرناہے۔

لاوبلولاہحمرھمه

درج بالاطلسم کومقررہ وقت کے اندر دو سو اسی مرتبہ کالےرنگ کی روشنائی
سے لکھ کربعد عمل آٹے میں گولیاں بناکردریامیں یانہر میں ڈال دیں جہاں مچھلیاں
ہوں اب آپ اس کے عامل بن گئےاس عمل سے کسی کے ساتھ نا جائز ہرگز
ہرگز نہیں کرناورنہ اس کی رجعت بہت خطرناک ہے عامل ہونےکاباوجودآپ بچ
نہیں سکتے میری طرف سے ہر جائز کاموں کیلئے اجازت ہوگی نا جائز
کرنےوالااپنےقول و فعل کاخودزمہ دار ہوگامیں بری الذمہ ہوں
طریقہ استعمال۔ طلسم کے نیچے ایسے لکھیں فلاں بن فلاں فی المحبت والموَدت
والعشق فلاں بن فلان یہاں اپنانام لکھناہے بیقرارو حاضر شد میاں بیوی کیلئے یاپھر
کسی سے شادی کرنی ہواس کیلئے کیاجاسکتاہے
گاے کاگھی لے کراس کاپراٹھہ بناکر پھریہ طلسم گاے کےگھی سے اس روٹی پر لکھ
کرعورت کیلئے گاے کوکھلادیں اور مردکیلئے بیل کوکھلادیں حلق سے نیچے اترنے
کے ساتھ اثرات مرتب ہوں گےگھی سے لکھنے کی شرط ہے چاہے نظرآے یانہ
آےروزانہ اس کودس بارلکھتے رہیں عمل قابومیں رہے گا گو ہرنایاب عمل ہے
۔ڈاکٹر عبد الرؤف نقشبندی

ہر طرح کے جادو و بندش کے توڑ کیلئے

اب کوئی گلہ نہ کرے کہ جادو کا اثر ختم نہیں ہوتا۔اگر کسی کو شک ہو کہ اس پر جادو کیا گیا ہے یا علامتیں محسوس ہو رہی ہوں تو جادو کے اثر کو ختم کرنے کیلئے ول و آخر اکیس اکیس بار درود ابراہیمی کے ساتھ درج ذیل دونوں آیتیں گیارہ دن تک سو بار پڑھ کر اپنے پر دم کریں یا کسی پر شک ہو تو اس پر دم کریں۔پانی پر دم کرکے سارا دن وہی پانی مریض کو پلائیں ابھی اب آپکے ہاتھ تریاق آچکا ہے اب آپ جادو بندش کے توڑ کیلئے سوائے اللہ پاک کے کسی کے محتاج نہیں۔
شرائط عمل ــــ نماز کی پابندی لازمی سمجھیں اور اس عمل کے دوران کوئی دوسرا عمل ہرگز مت پڑھیں۔

قُلْنَا لَا تَخَفْ اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰى

ترجمہ ــــ ہم نے کہا مت ڈر، تو ہی غالب رہے گا

وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى

ترجمہ ــــ پھینک جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے، ابھی اِن کی ساری بناوٹی چیزوں کو نگلے جاتا ہے یہ جو کچھ بنا کر لائے ہیں یہ تو جادوگر کا فریب ہے، اور جادوگر کبھی کامیاب نہیں ہو سکتا، خواہ کسی شان سے وہ آئے

سورۃ طٰہٰ آیت نمبر ۶۸،۶۹

سورج گرہن میں سورۃ اخلاص کی زکوۃ

سورت اخلاص کی زکات ادا کرنے کا طریقہ

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ۱۱۰۰ بار سورت اخلاص

مداوت کے طور پر

روزانہ ۱۱ بار یا ۱۱۱ بار یا ۳۰۰ بار پڑھنا چاہیے

جادو، جنات کیلئے ایک صدری نقش

مذکورہ نقش بعد از تجربہ مفید ثابت ہونے پر احباب کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں ں پہلے نقش ملاحظہ فرمائیں پھر نقش کی چال اور طریق استعمال بتایا جائے گا

نقش کی چال :اول پہلے چار دائرے بنائیں دوم پھر ان میں بارہ خانہ بنائیں سوم پھر چاروں طرف بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھیں جس طرح لکھی ہوئی ہے چہارم پھر پہلے دائرے کے اوپر اِنّ اللہ سَیَبطِلہ کو مفرد لکھیں ان اللہ سیبطلہ کل بارہ حروف پنجم پھردوسرے دائرے کے اوپر لا الہ الا اللہ کو مفرد لکھیں ۔ لا الہ الا اللہ کل بارہ حروف ششم پھر تیسرے دائرے کے اوپر محمد رسول اللہ کو مفرد لکھیں ۔ محمد رسول اللہ کل بارہ حروف اب نقش کی تاثیر زیادہ کرنے کے لیے ایک تسبیح بسم اللہ الرحمن الرحیم ان اللہ سیبطلہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ کر نقوش پر دم کردیں نقش مکمل ہے ۔طریق استعمال : کل بارہ نقوش بنائیں ۔ ایک نقش موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈالوا دیں ۔ گیارہ نقوش پینے کے لیے ہیں ۔ جسکا طریقہ کار یہ ھے کہ ایک نقش رات کو ایک یا ڈیڑھ لیٹر یا جتنا مریض پی سکے میں نقش ڈالیں صبح اٹھ کر نہار منہ تھوڑا سا پی لیں ناشتے سے پہلے تھوڑا پی لیں ۔ اسی طرح پورا دن تھوڑا تھوڑا کر کے رات سونے سے پہلے تک وہ پانی ختم کرلیں ۔وہ نقش بوتل سے نکال کر دوسرا نقش ڈالدیں اسی طرح سب نقوش استعمال کریں ۔ان شاء اللہ گیارہ یوم کے اندر اثرات ختم ہوجائیں گے اگرکوئی کسر رہ گئی ہوتو مزید کچھ نقوش طاق عدد میں دے دیں ۔واضح ہو کہ مرض کی مناسبت سے پینے کے نقوش اکیس اور اکتالیس کی تعداد میں بھی دے سکتے ہیں ۔مولانا محمد ساجد نقشبندی

تین روزہ عمل ایام بیض

اسلامی مہنے کے مطابق بارویں تاریخ کا دن ہوگا۔۔۔تیرہ کی رات ہوگی اس دن
یہ عمل کیا جاے گا

عمل کی شرائط۔۔۔باوضو حالت میں ایک جگہ ایک نشست میں ایک جاے نماز
تین دن تینوں دن وقت ایک ہو

عمل کی ترتیب ۔۔۔دو رکعت صلاۃ الحاجت اول اخر گیارہ بار دورد شریف گیارہ بار
ایت الکرسی حصار کی نیت سے پھر نوسو اکہتر بار

الله ربنا المستعان

انکھیں بند کرکے ہلکی اواز میں پڑھنا ہے عمل مکمل ہونے کے بعد گیارہ بار سورۃ الاخلاص پڑھیں اللہ تعالی سے گڑگڑا کر دعامانگیں عمل کا میابی اور باقی اپنے تمام امور کی کامیابی کی نیت سے پورے دن میں گیارہ سو بار درود شریف پڑھنا ہے چلتے پھرتے جب وقت ملے دن میں تعداد مکمل کرنی ہے اس عمل کی مداومت صبح وشام اکتالیس بار ہے اگر کوئی زیادہ کرنا چاہتا ہو تو زیادہ بھی کرسکتے ہیں اس عمل کے جتنے فوائد لکھیں جائیں کم ہیں

یاشافی بسم اللہ الرحمن الرحیم یاکافی

المستعان	ربنا	الله
الله	المستعان	ربنا
ربنا	الله	المستعان

ونزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين - باذا نافع - يا شافي - بالرحمن الرحيم بلا نافع العظيم - انت ربنا فشفنا

ان الله لا يصلح عمل المفسدين - قال موسى ما جئتم به السحر ان الله سيبطله - ونبين القرآن ما هو شفاء

اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر کل شیطان وھامۃ ومن عین لامۃ ومن کل سوء انک علی کل شیئ قدیر بسم اللہ الذی لایضر مع اسمہ شیئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

اس نقش کو پہننا بھی ہے پینا بھی ۔۔۔ایک ہفتے میں ایک تعویز۔۔۔اور اسکی پڑھائی بھی کرنی ہے ۔۔۔اللہ ربنا المستعان ۔۔۔کی جتنی زیادہ اسکی پڑھائی ہوگی اتنا زیاد ہ فائدہ ہوگا۔۔۔جادو کے پلٹنے میں بہت مفید کار ہے۔۔۔کسی بھی اٹکے ہوے کام میں اس کی کثرت اس کام کی نیت کر کے کریں۔۔۔مفید تر ثابت ہوگا۔۔۔ اکثر احباب کا یہ کہنا ہوتا ہے ہم عمل کر کر کے تھک گے ہیں ۔۔۔چند دن ٹھیک بعد پھرویسے کہ ویسے۔۔۔ان کو یہ عمل ہر روز نو سو اکہتر بار پڑھنے کو کہو۔۔۔اکیس دن مسلسل کریں۔۔۔ہر تین دن بعد کیفیت بتاتے رہیں۔۔۔ ان شاء اللہ اکیس دن کے اندر اندر اپ کو واضح فرق ملے گا۔۔۔جادو کروانے والا خو د اپنے اعمال کے شکنجے مس پھنس جاے گا۔۔۔۔۔

ان شاء اللہ۔۔۔

اس میں خاص طور پر اللہ تعالی ہی سے مدد مانگی جارہی ہے۔۔۔باقی میں بھی اللہ تعالی سے ہی مدد مانگی جاتی ہے ۔۔۔پر اس میں خاص مدد مانگی جار ہی ہے۔۔۔

مفتی معاویہ

ان شاء اللہ عنقریب حصہ دوم بھی منظر عام پر آئے گی

تمت بالخیر